# دستور عمل کے تحفظات کا نوٹس

جولائی 2020



framework.esc18.net

**فہرست مضامین**

خصوصی تعلیم میں دستور عمل کے تحفظات ........ 1
والدین کی حیثیت سے پرورش کرنے والے والدین ........ 1
قائم مقام والدین ........ 2
چائلڈ فائنڈ (بچے کی تلاش) ........ 2
پیشگی تحریری نوٹس ........ 2
والدین کی رضامندی ........ 3
آزادانہ تعلیمی تشخیص ........ 4
تادیبی کارروائیاں ........ 5
تعلیمی ریکارڈز ........ 7
والدین کے ذریعہ رضاکارانہ نجی اسکولوں میں جگہوں کا تعین ........ 10
والدین کے ذریعہ نجی اسکولوں میں اس وقت داخلہ جب ایف اے پی ای (FAPE) زیر بحث مسئلہ ہو ........ 10
والدین کے حقوق کی منتقلی ........ 11
خصوصی تعلیم کی معلومات ........ 12
اختلافات کا ح ........ 12
ریاستی آئی ای پی کی سہول ........ 12
ثالثی کی خدمات ........ 13
خصوصی تعلیم سے متعلق شکایت کے حل کا عمل ........ 13
باضابطہ سماعت کا پروگرام ........ 14
رابطہ کی معلومات ........ 20

# دستور عمل کے تحفظات کا نوٹس

معذوری والے بچوں کے والدین کے حقوق

معذور افراد کی تعلیم سے متعلق قانون (**IDEA**)، ترمیم شدہ 2004، اسکولوں سے اس بات کا تقاضہ کرتا ہے کہ وہ معذوری والے بچے/ بچی کے والدین کو آئیڈیا (IDEA) کے تحت دستیاب دستور عمل کے تحفظات اور اس کے نفاذ سے متعلق ضوابط کی مکمل وضاحت فراہم کریں۔ ٹیکساس ایجوکیشن ایجنسی (**TEA**) کے ذریعہ تیار کردہ اس دستاویز کا مقصد اس نوٹس کے تقاضے کو پورا کرنا اور آئیڈیا (IDEA) کے تحت حاصل حقوق کو سمجھنے میں معذوری والے بچوں کے والدین کی مدد کرنا ہے۔

## ■ خصوصی تعلیم میں دستور عمل کے تحفظات

آئیڈیا (IDEA) کے تحت اصطلاح *والدین* سے مراد حیاتیاتی والدین، گود لینے والے والدین، ریاست کے تقاضوں کی مطابقت کرنے والے پرورش کرنے والے والدین، کوئی سر پرست، کوئی فرد جو حیاتیاتی یا گود لینے والے والدین کی قائم مقامی کرتا ہو، (بشمول دادا، دادی، نانا، نانی، سوتیلے والد، سوتیلی والدہ، یا دیگر رشتہ دار)، جن کے ساتھ بچہ/ بچی رہائش پذیر ہو، کوئی ایسا فرد جو قانونی طور پر بچے/ بچی کی خیر و عافیت کے لئے ذمہ دار ہو یا قائم مقام والدین ہیں۔ اصطلاح *مادری زبان* کو انگریزی کی محدود اہلیت رکھنے والے شخص کے ساتھ استعمال کئے جانے پر، اس سے مراد اس شخص کے ذریعہ عمومی طور پر استعمال کی جانے والی زبان ہے؛ جب اس کا استعمال کسی ایسے شخص کے لئے کیا جائے جو بہرا ہو یا سماعت کے نقص کا شکار ہو تو مادری زبان سے مراد اس شخص کے ذریعہ بات چیت کے لئے عمومی طور پر استعمال کیا جانے والا طریقہ ہے۔

اسکول کے لئے ضروری ہے کہ وہ آپ کو *دستور عمل کے تحفظات کا یہ نوٹس* ایک تعلیمی سال میں صرف ایک بار، سوائے اس کے کہ اسکول کے لئے آپ کو اس دستاویز کی دوسری نقل دینا ضروری ہو: ابتدائی حوالہ یا تشخیص کے لئے آپ کی درخواست پر: ٹی ای اے (TEA) کے پاس جمع کردہ پہلی خصوصی تعلیم کی شکایت کی موصولی پر؛ پہلی باضابطہ سماعت کی شکایت کی موصولی پر؛ پلیسمنٹ کی تبدیلی کرنے والی تادیبی کارروائی کے لئے کوئی فیصلہ کرتے وقت؛ یا آپ کی درخواست پر فراہم کرے۔

آپ اور اسکول داخلہ، جائزہ اور برخاستگی (**ARD**) کمیٹی کے ذریعہ آپ کے بچے/ آپ کی بچی کے تعلیمی پروگرام کے بارے میں فیصلے کریں گے۔ اے آر ڈی (ARD) کمیٹی اس بات کا تعین کرے گی کہ آیا آپ کا بچہ/ آپ کی بچی خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات کے لئے اہل ہے۔ اے آر ڈی (ARD) کمیٹی آپ کے بچے/ آپ کی بچی کے انفرادی تعلیمی پروگرام؛ (**IEP**) کو تیار کرے گی، اس کا جائزہ لے گی اور اس پر نظر ثانی کرے گی اورآپ کے بچے/ آپ کی بچی کی تعلیمی جگہ کا تعین کرے گی۔ اے آر ڈی (ARD) کمیٹی اور آئیڈیا (IDEA) کے کردار کے تعلق سے اضافی معلومات ایک معاون دستاویز *داخلہ، جائزہ اور برخاستگی کے عمل سے متعلق والدین کے ہدایت نامہ* کی صورت میں آپ کے اسکول سے دستیاب ہوگی۔

## ■ والدین کی حیثیت سے پرورش کرنے والے والدین

اگر آپ معذوری والے بچے/ بچی کی پرورش کرنے والے والد یا والدہ ہیں، تو آپ ایسی صورت میں والدین کے طور پر خدمت انجام دے سکتے ہیں اگر آپ خصوصی تعلیم کی فیصلہ سازی میں شرکت کرنے پر متفق ہوں اور آپ بچہ / بچی کی اگلی اے آر ڈی (ARD) کمیٹی کی میٹنگ سے قبل مطلوبہ تربیتی پروگرام مکمل کرلیں، لیکن یہ اس دن کے 90 دن کے بعد نہ ہو جب آپ نے بچے کی خصوصی تعلیم سے متعلق فیصلے کرنے کے لیے بحیثیت والدین عمل کرنا شروع کیا ہو۔ آپ کے ذریعہ ایک منظور شدہ تربیتی پروگرام مکمل کرنے کے بعد، آپ کو اسی بچے/ بچی کے لئے ایک والدین یا ایک اور بچے/ بچی کے قائم مقام والدین کا کردار ادا کرنے کے لئے اس تربیتی پروگرام کو دوبارہ مکمل کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ اگر اسکول خصوصی تعلیمی فیصلہ سازی کے لئے ایک والدین کے طور پر آپ کا تقرر نہ کرنے کا فیصلہ کرے تو اسکول کے لئے ضروری ہے کہ وہ اس فیصلے کے بعد سے سات دنوں کے اندر، آپ کو اس بات کی تحریری اطلاع دے۔ اس اطلاع میں ایل ای اے (LEA) کے ذریعہ لئے گئے فیصلہ کی اسباب کی وضاحت ہونی چاہیے اور اس میں آپ کو اس بات کی اطلاع دی جانی چاہیے کہ آپ ٹی ای اے (TEA) کے پاس خصوصی تعلیم سے متعلق شکایت درج کروا سکتے ہیں۔

■ **قائم مقام والدین**

اگر معقول کوششوں کے بعد، اسکول کو والد/ والدہ کی شناخت کرنے یا والد/ والدہ کا پتہ لگانے میں ناکامی ہو ، پرورش کرنے والے والدین میں سے کوئی بھی والد/ والدہ کا کردار ادا کرنے کے لئے راضی نہ ہو یا ایسا کرنے سے قاصر ہو، بچہ/بچی کسی فوسٹر ہوم کے ماحول میں رہائش پذیر نہ ہو یا بچہ/ بچی ریاست کی تحویل میں ہو تو اسکول کے لئے ضروری ہے کہ وہ ایک قائم مقام والدین کا تقرر کرے۔ اسکول کو چاہیے کہ وہ ایک تنہا بے گھر بچے/ بچی کے لئے ایک قائم مقام والد/ والدہ کا تعین کرے، جیسا کہ میک کینی- وینٹو ہوم لیس اسسٹینس ایکٹ ( McKinney-Vento Homeless Assistance Act) میں وضاحت کی گئی ہے۔ بے گھر یا متبادل نگہداشت والے بچے کے لیے قائم مقام والدین کی تقرری کے بعد جتنی جلدی قابل عمل ہو، سکول کو لازمی طور پر بچے کے تعلیمی فیصلہ ساز اور کیس ورکر کی تقرری کا نوٹس فراہم کرنا چاہیے۔ [https://tea.texas.gov/Academics/Special_Student_Populations/Special_Education/Programs_and_Services/State_Guidance/Children_and_Youth_Experiencing_Homelessness](https://tea.texas.gov/Academics/Special_Student_Populations/Special_Education/Programs_and_Services/State_Guidance/Children_and_Youth_Experiencing_Homelessness)

قائم مقام والدین کا کردار ادا کرنے کے لئے، ضروری ہے کہ آپ ریاست، اسکول یا بچہ/ بچی کی تعلیم یا نگہداشت میں شامل دیگر کسی ایجنسی کے ملازم نہ ہوں ، اور آپ کا کوئی مفاد بچہ / بچی کے مفاد سے متصادم نہ ہو۔ ایک قائم مقام والدین کے طور پر مقرر کئے جانے والے والدین کو معقول معلومات اور مہارتوں کا حامل ہونا چاہیے اور وہ بچہ/ بچی کی مفادات کے حصول کے سلسلے میں آزادانہ فیصلہ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہوں، اس بات کو یقینی بناتے ہوں کہ بچے/ بچی کے قانونی کارروائی کے حقوق کی خلاف ورزی نہیں کی گئی ہے، بچہ/ بچی سے ملاقات کرتے ہوں اور اسکول کا دورہ کرتے ہوں، بچے/ بچی کے تعلیمی ریکارڈ کا جائزہ لیتے ہوں، بچے/ بچی کی تعلیم میں شامل کسی شخص کے ساتھ مشورہ کرتے ہوں، اے آر ڈی (ARD) کمیٹی کی میٹنگوں میں شرکت کرتے ہوں اور انہوں نے ایک تربیتی پروگرام پورا کیا ہو۔ اسکول کے ذریعہ قائم مقام والدین کے طور پر اپنا کردار ادا کرنے کے لئے متعین کئے جانے والے شخص کو بچہ / بچی کی اگلی اے آر ڈی (ARD) کمیٹی کی میٹنگ سے قبل، لیکن بچے/ بچی کے ایک قائم مقام والد/والدہ کے طور پر ابتدائی تقرر کی تاریخ کے 90 ویں دن سے پہلے، ایک تربیتی پروگرام مکمل کرنا ہوگا۔ آپ کے ذریعہ ایک منظور شدہ تربیتی پروگرام مکمل کرنے کے بعد، آپ کو اسی بچے/ بچی کے لئے ایک والدین یا ایک اور بچے/ بچی کے قائم مقام والدین کا کردار ادا کرنے کے لئے اس تربیتی پروگرام کو دوبارہ مکمل کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔

■ **چائلڈ فائنڈ (بچے کی تلاش)**

ریاست میں رہ رہے معذوری والے تمام بچوں، بشمول نجی اسکولوں میں جانے والے معذوری والے بچوں کی شناخت کرنا، ان کا پتہ لگانا اور ان کی تشخیص کرنا، جنہیں خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات درکار ہوں ۔ اس عمل کو 'چائلڈ فائنڈ' کہا جاتا ہے۔

چائلڈ فائنڈ کی اپنی سرگرمیوں کے حصے کے طور پر، ایک LEA کے لئے ضروری ہے کہ وہ خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات کی ضرورت رکھنے والے بچوں کا پتہ لگانے، ان کی شناخت اور تشخیص کرنے کے لئے معقول سرکولیشن والے اخبارات یا دیگر میڈیا یا دونوں میں ایک اطلاع شائع کرے یا اس کا اعلان کرے۔

■ **پیشگی تحریری نوٹس**

آپ کو آپ کے بچے/ آپ کی بچی کی خصوصی تعلیمی ضروریات سے متعلق اسکول کی کارروائیوں کے بارے میں تحریری طور پر معلومات دئے جانے کا حق حاصل ہے۔ اس سے پہلے کہ اسکول آپ کے بچے/ آپ کی بچی کی شناخت، تشخیص، یا تعلیمی جگہ کا تعین یا آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو فراہم کی جانے والی مفت مناسب سرکاری تعلیم **(FAPE)** کا آغاز یا تبدیلی کرے، اسکول کے لئے ضروری ہے کہ وہ آپ کو پیشگی تحریری اطلاع دے۔ اسکول کے ذریعہ آپ کے بچے/ آپ کی بچی کی شناخت، تشخیص، یا تعلیمی پلیسمنٹ یا آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو فراہم کی جانے والی ایف اے پی ای (FAPE) کے آغاز یا تبدیلی سے انکار سے پہلے آپ کو پیشگی تحریری اطلاع حاصل کرنے کا بھی حق ہے۔ اس بات سے قطع نظر کہ آیا آپ تبدیلی پر راضی ہیں یا آپ نے تبدیلی کے لئے درخواست دی تھی، اسکول کو چاہیے کہ وہ آپ کو پیشگی تحریری اطلاع دے۔

اسکول کو پیشگی تحریری اطلاع میں درج ذیل امور کو شامل کرنا چاہیے: ان کارروائیوں کی ایک وضاحت، جو اسکول تجویز کر رہا ہے یا جن سے انکار کر رہا ہے؛ اس بات کی ایک وضاحت کہ اسکول کس لئے اس کارروائی کر رہا ہے یا اس سے انکار کر رہا ہے؛ ہر تشخیصی کارروائی، تخمینہ، اندراج یا اس بات کی رپورٹ جن کی اسکول نے کارروائی کا فیصلہ کرنے سے پہلے جن کی تجویز دی ہو یا جن سے انکار کیا ہو، اس کی صراحت؛ ایک بیان کہ آپ کو آئیڈیا (IDEA) کے تحت دستور عمل کے تحفظات کے تحت تحفظ حاصل ہے۔

اس بات کی ایک وضاحت کہ اس *دستور عمل کے تحفظات کا نوٹس* کی ایک نقل کیسے حاصل کی جائے؛ ان افراد یا تنظیموں سے رابطہ کی معلومات جو آپ کو آئیڈیا (IDEA) کو سمجھنے میں مدد کر سکتی ہیں؛ دیگر انتخابات کی ایک وضاحت، جن پر آپ کے بچے/ آپ کی بچی کی اے آر ڈی (ARD) کمیٹی نے غور کیا ہو اور اس بات کا سبب کہ ان انتخابات کو کیوں مسترد کیا گیا ہے؛ اور ان دیگر وجوہات کی وضاحت، جن کی بنا پر اسکول کارروائی کر رہا ہے یا اس سے انکار کر رہا ہے۔

اسکول کو چاہیے کہ وہ آپ کو کم ا از کم پانچ اسکولی دن پہلے اپنے ذریعہ کارروائی کی تجویز یا اس سے انکار کی اطلاع بھیجے، سوائے اس کے کہ آپ اس سے مختصر مدت پر متفق ہوں۔

یہ اطلاع ایک ایسی زبان میں لکھی ہوئی ہونی چاہیے جسے عوام الناس سمجھ سکتے ہوں اور ان کا آپ کی مادری زبان یا بات چیت کے دیگر طریقہ میں ترجمہ ہونا چاہیے، سوائے اس کے کہ ایسا کرنا واضح طور پر ممکن نہ ہو۔

اگر آپ کی مادری زبان یا بات چیت کا ذریعہ کوئی تحریری زبان نہیں ہے تو اسکول کو چاہیے کہ وہ زبانی طور پر یا کسی دوسرے ذریعہ سے نوٹس کا ترجمہ آپ کی مادری زبان میں کرے، تاکہ آپ اسے سمجھ سکیں۔ اسکول کے پاس اس بات کا تحریری ثبوت ہونا چاہیے کہ ایسا کیا جا چکا ہے۔

اگر اسکول کے ذریعہ آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات کی فراہمی شروع کئے جانے کے بعد، آپ کسی بھی وقت خدمات کے لئے اپنی رضامندی منسوخ کریں تو اسکول کو چاہیے کہ وہ آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات کی فراہمی بند کر دے۔ تاہم، اسکول کو چاہیے کہ وہ خدمات بند کرنے سے پہلے آپ کو پیشگی تحریری اطلاع دے۔

بچے/ بچی کے والدین تحریری اطلاعات ای میل کے ذریعہ موصول کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں، اگر اسکول یہ اختیار دستیاب کرواتا ہے۔

## ■ والدین کی رضامندی

اسکول کو چاہیے کہ وہ چند مخصوص امور کو انجام دینے سے پہلے آپ کی باخبر رضامندی حاصل کرے۔ آپ کی *باخبر رضامندی* سے مراد یہ ہے کہ: جس کارروائی کے لئے آپ کی اجازت حاصل کی گئی ہو، آپ کو اس کے بارے میں آپ کی مادری زبان یا بات چیت کے دیگر طریقہ میں معلومات دی گئی ہو؛ آپ اس سرگرمی کو سمجھتے ہوں اور اس سے تحریری طور پر متفق ہوں جس کے لئے آپ کی اجازت حاصل کی گئی ہے ؛ اور تحریری رضامندی اس سرگرمی اور ایسے کسی بھی ریکارڈز کو بیان کرتی ہو جسے جاری کیا جائے گا اور یہ کہ کن لوگوں کو جاری کیا جائے گا، اور آپ اس بات کو سمجھتے ہوں کہ آپ کی اجازت کی فراہمی رضاکارانہ ہے اور اسے کسی بھی وقت واپس لیا جا سکتا ہے۔ اگر آپ خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات کی فراہمی کو جاری رکھنے کے لئے اپنی رضامندی واپس لینا چاہتے ہیں تو آپ کو تحریری طور پر ایسا کرنا ہوگا۔ اگر آپ اپنی رضامندی دینے کے بعد اسے منسوخ کرتے ہیں تو آپ کا منسوخ کرنے کا عمل قابل واپسی نہیں ہوگا۔

اسکول کے لئے ضروری ہے کہ وہ والدین کی رضامندی حاصل کرنے کے لئے کی گئی معقول کوششوں کی ایک دستاویز تیار کریں۔ اس دستاویز میں رضامندی حاصل کرنے کے لئے اسکول کے ذریعہ کی گئی کوششیں، جیسا کہ تفصیلی فون ریکارڈز، خط و کتابت کی نقول اور آپ کی رہائش گاہ یا کام کی جگہ پر کئے گئے دورے کے تفصیلی ریکارڈز۔

- ♦ **ابتدائی تشخیص** آئیڈیا (IDEA) کے تحت اسکول کو چاہیے کہ وہ آپ کے معذوری والے بچے/ بچی کی اہلیت کے لئے آپ کے بچے/ آپ کی بچی کی ابتدائی تشخیص کی انجام دہی سے پہلے، آپ کو اس مجوزہ تشخیص کی پیشگی تحریری اطلاع دے اور آپ کی رضامندی حاصل کرے۔ اسکول کو چاہیے کہ وہ ابتدائی تشخیص کے لئے آپ کی رضامندی حاصل کرنے کے لئے معقول کوششیں کرے۔ ابتدائی تشخیص کے لئے آپ کی رضامندی کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ نے اسکول کو اپنے بچے کو خصوصی تعلیمی خدمات کی فراہمی شروع کرنے کے لئے بھی اپنی رضا مندی دی ہے۔ اگر آپ کا بچہ/ آپ کی بچی ریاست کی تحویل میں ہے اور وہ آپ کے ساتھ رہائش پذیر نہیں ہے تو ، اگر اسکول آپ کو تلاش نہیں کر سکے یا عدالت کے ذریعہ آپ کے والدینی حقوق کو ختم کیا گیا ہو یا انہیں کسی دوسرے شخص کو تفویض کیا گیا ہو تو اسکول کے لیے آپ کی رضامندی حاصل کرنا ضروری نہیں ہے ۔
- ♦ **ابتدائی خدمات** آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو پہلی بار خصوصی تعلیمی خدمات کی فراہمی کے لئے اسکول کو آپ کی باخبر رضامندی درکار ہے۔ اگر آپ ابتدائی خدمات کے لئے آپ کی رضامندی کی فراہمی کی درخواست کا جواب نہ دیں، اپنی

رضامندی دینے سے انکار کریں یا اپنی رضامندی دیں اور پھر اپنی رضامندی کو تحریری طور پر منسوخ کریں تو اسے اسکول کے ذریعہ ایف اے پی ای (FAPE) کی فراہمی کے تقاضہ کی خلاف ورزی تصور نہیں کیا جائے گا اور اس کے لئے اے آر ڈی (ARD) کمیٹی کی میٹنگ منعقد کرنا یا آپ کے بچے/ آپ کی بچی کے لئے آئی ای پی (IEP) تیار کرنا ضروری نہیں ہے۔

♦ **دوبارہ تشخیص** آپ کے بچے/ آپ کی بچی کی دوبارہ تشخیص کے لئے اسکول کے لئے ضروری ہے کہ وہ آپ کی رضامندی حاصل کرے، سوائے اس کے کہ وہ اس بات کا مظاہرہ کر سکے کہ آپ کی رضامندی حاصل کرنے کے لئے اس کے ذریعہ معقول اقدامات کئے ہیں۔

♦ **اووررائڈ کارروائی** اگر آپ کے بچے/آپ کی بچی کا داخلہ سرکاری اسکول میں کیا جاتا ہے اور آپ ابتدائی تشخیص یا دوبارہ تشخیص کے لئے اپنی رضامندی فراہم کرنے سے انکار کرتے ہیں، تو اسکول ثالثی یا منصفانہ عمل کی سماعت کی کارروائیوں کے ذریعہ آپ کے بچے/ آپ کی بچی کی تشخیص یا دوبارہ تشخیص انجام دے سکتے ہیں، لیکن اسکول کے لئے ایسا کرنا ضروری نہیں ہے۔ حالانکہ منصفانہ عمل کی سماعت کا افسر آپ کی رضامندی کے بغیر آپ کے بچے/ آپ کی بچی کی تشخیص کا حکم دے سکتا ہے، لیکن سماعت کا افسر اس بات کا حکم نہیں دے سکتا کہ آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو آپ کی رضامندی کے بغیر خصوصی تعلیمی خدمات فراہم کی جائے۔

اگر آپ پہلے اپنے بچے/ اپنی بچی کو خدمات حاصل کرنے کی رضامندی دیتے ہیں، اور بعد میں اسکول کے ذریعہ خدمات کی فراہمی شروع کئے جانے کے بعد تحریری طور پر اپنی رضامندی کو منسوخ کرتے ہیں تو اسکول آپ کی رضامندی حاصل کرنے ثالثی کے طریق کار یا خدمات کو جاری رکھنے کے لئے افسر سماعت سے حکم نامہ حاصل کرنے کے لئے باضابطہ قانونی کارروائی کا استعمال نہیں کر سکتا۔

آپ کے بچے/آپ کی بچی کی تشخیص یا دوبارہ تشخیص کے ایک حصہ کے طور پر اسکول کے ذریعہ موجودہ ڈیٹا کا جائزہ لینے یا تمام بچوں سے لئے جانے والے ٹیسٹ لینے یا دیگر تشخیص کی انجام دہی سے پہلے آپ کی رضا مندی درکار نہیں ہے، سوائے اس کے کہ تمام بچوں کے لئے والدین کی رضامندی درکار ہو۔ اسکول ایک خدمت یا سرگرمی کے لئے آپ کے انکار کو کسی دوسری خدمت، فائدے یا سرگرمی کی فراہمی سے انکار کے لئے استعمال نہیں کر سکتا۔

■ **آزادانہ تعلیمی تشخیص**

اگر آپ اسکول کے ذریعہ فراہم کردہ تشخیص سے متفق نہ ہوں تو آپ کو اس بات کا حق ہے کہ سرکاری خرچ پر آپ کے بچے / آپ کی بچی تشخیص کسی ایسے شخص کے ذریعہ کروائیں جو اسکول کا ملازم نہ ہو۔ *سرکاری خرچ* کا مطلب اسکول یا تو مکمل خرچ کے لئے ادائیگی کرے گا یا اس بات کو یقینی بنائے گا کہ دوسری صورت میں تشخیص آپ کو کوئی خرچ نہیں آئے۔ *آزادانہ تعلیمی تشخیص* **آئی ای ای (IEE)** ایک ایسے مستند شخص کے ذریعہ انجام دی جانے والی تشخیص ہے جو اسکول کا ملازم نہ ہو۔ جب آپ آئی ای ای (IEE) کی درخواست دیں تو اسکول کے لئے ضروری ہے کہ وہ آپ کو اپنی تشخیصی کسوٹیوں اور آئی ای ای (IEE) کہاں سے کروائی جا سکتی ہے اس جگہ کے بارے میں معلومات فراہم کرے۔

اسکول آپ سے یہ دریافت کر سکتا ہے کہ آپ کس لئے ان کی تشخیص سے غیر متفق ہیں، لیکن اسکول آپ کو اپنے عدم اتفاق کی وضاحت کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے آئی ای ای (IEE) کی انجام دہی کو نامعقول طور پر مؤخر یا اس سے انکار نہیں کر سکتا۔

آپ کو اسکول کے ذریعہ ہر ایسی تشخیص کی انجام دہی کے بدلے، جس سے آپ غیر متفق ہوں، سرکاری خرچ پر صرف ایک آئی ای ای (IEE) کروانے کا حق حاصل ہے۔ اگر آپ اسکول سے درخواست کریں کہ وہ آئی ای ای (IEE) کے لئے ادائیگی کرے تو اسکول کو اپنی تشخیص کے مناسب ہونے کا مظاہرہ کرنے کے لئے یا تو اس کے لئے ادائیگی کرنی ہوگی یا بغیر کسی غیرضروری تاخیر کے باضابطہ سماعت کے لئے درخواست دینی ہوگی۔

♦ **آئی ای ای (IEE) کی کسوٹی** اگر کوئی آئی ای ای (IEE) سرکاری خرچ پر ہو تو تشخیص کے حصول کے لئے درکار کسوٹیاں، بشمول تشخیص کا مقام اور ممتحن کی قابلیت وہی ہونی چاہیے جنہیں اسکول کے ذریعہ اپنی تشخیص کے آغاز پر استعمال کیا جاتا ہے (ان کسوٹیوں کے لئے آپ کے آئی ای ای (IEE) کے حقوق کی مطابقت کرنے کی حد تک)۔ سوائے ان کسوٹیوں کے جنہیں اوپر بیان کیا گیا ہے، کوئی اسکول سرکاری خرچ پر آئی ای ای (IEE) کے حصول کے لئے کوئی شرائط یا مقررہ اوقات لاگو نہیں کر سکتا۔

♦ **افسر سماعت کا تعین** اگر کوئی اسکول باضابطہ

سماعت کی درخواست دے اور افسر سماعت اس بات کا تعین کرتا ہے کہ اسکول کی تشخیص مناسب ہے یا آپ کے ذریعہ حاصل کردہ آئی ای ای (IEE) تشخیص اسکول کے آئی ای ای (IEE) کی کسوٹیوں پر پوری نہیں اترتی تو اس صورت میں اسکول کو اس آئی ای ای (IEE) کے لئے ادائیگی نہیں کرنی پڑے گی۔

- نجی خرچ پر آئی ای ای **(IEE)** آپ کو ہمیشہ اپنے خرچ پر آئی ای ای (IEE) کروانے کا حق حاصل ہے۔ چاہے اس کے لئے کوئی بھی ادائیگی کرے، اسکول کو آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو ایف اے پی ای (FAPE) کی فراہمی کے بارے میں کسی بھی فیصلہ میں اس آئی ای ای (IEE) کو ملحوظ رکھنا ہوگا۔ آپ آئی ای ای (IEE) کو باضابطہ سماعت میں بطور دلیل بھی پیش کر سکتے ہیں۔

- افسر سماعت کے ذریعہ حکم کردہ آئی ای ای **(IEE)** اگر کوئی افسر سماعت آئی ای ای (IEE) کروانے کا حکم دے تو اسکول کو باضابطہ سماعت کے ایک حصہ کے طور پر اس کے لئے ادائیگی کرنی ہوگی۔

## ■ تادیبی کارروائیاں

اگر آپ کا بچہ/ آپ کی بچی اسکول کے ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کرے تو اسکول کو مخصوص تادیبی کارروائیوں پر عمل کرنا ہوگا، اگر یہ آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو اس کے موجودہ پلیسمنٹ سے خارج کرے تو اس اخراج کو پلیسمنٹ میں تبدیلی کی کارروائی تصور کیا جائے گا۔

- **اخراج: پلیسمنٹ تبدیلی نہیں** اگر آپ کا بچہ/ آپ کی بچی اسکول کے ضابطۂ اخلاق کی خلاف ورزی کرے اور اگر اسکول کے ذریعہ آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو ایک تعلیمی سال میں 10 یا اس سے کم دنوں کے لئے اس کے موجودہ پلیسمنٹ سے ہٹایا جاتا ہے تو اسے پلیسمنٹ میں تبدیلی تصور نہیں کیا جائے گا، جیسا کہ بغیر معذوری والے بچوں کو نظم و ضبط سکھانے کے لئے کیا جاتا ہے۔ ان مختصر میعادوں والے اخراج کے دوران، اسکول کے لئے تعلیمی خدمات فراہم کرنا ضروری نہیں ہے سوائے اس کے کہ خدمات بغیر معذوری والے بچوں کو فراہم کی جائے۔ اگر اسکول ریاست کے قانون کے تحت، آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو معطل کرنے کا انتخاب کرے تو یہ معطلی تین اسکولی دنوں سے زیادہ کی نہیں ہو سکتی۔

اگر آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو ایک تعلیمی سال کے دوران 10 اسکولی دنوں کے لیے اس کے موجودہ پلیسمنٹ سے ہٹا دیا جائے تو آپ کے بچہ/ آپ کی بچی کو برطرفی کے بعد والے دنوں کے دوران اضافی حقوق حاصل ہوں گے۔ اگر بعد میں ہونے والی برطرفی 10 متواتر اسکولی دنوں سے زیادہ نہ ہو تو اور یہ پلیسمنٹ کی تبدیلی نہ ہو تو اسکول کے عملہ کوآپ کے بچے/ آپ کی بچی کے کم از کم ایک ٹیچر کے ساتھ مشورہ کر کے اس بات کا تعین کرنا ضروری ہوگا کہ آپ کے بچے/ آپ کی بچی کی عمومی تعلیمی نصاب میں شرکت کو جاری رکھنے کے لئے، خواہ دوسرے ادارے میں ہی، اور بچہ/ بچی کی آئی ای پی (IEP) میں متعین کردہ اہداف کی مطابقت کی جانب پیش رفت کے لئے، کس حد تک خدمات درکار ہے۔

- **اخراج: پلیسمنٹ کی تبدیلی** اگر برطرفی 10 سے زائد متواتر دنوں کے لئے یا کل ملا کر 10 سے زائد دنوں کی مختصر مدتی برطرفی جس سے ایک ترتیب بنتی ہو تو اس مطلب یہ ہوگا کہ آپ کے بچے/ آپ کی بچی کا پلیسمنٹ تبدیل ہو گیا ہے۔ اس بات کا فیصلہ کرتے وقت کہ آیا برطرفی کی ایک ترتیب بنتی ہے، اسکول کے لیے اس بات کا لحاظ رکھنا ضروری ہوگا کہ آیا بچے/ بچی کا رویہ معقول حد تک برطرفی کے سلسلے کا سبب بننے والے ماضی کے واقعات سے مماثل تھا، اور برطرفی کی طوالت اور بچے/ بچی کی برطرفی کے مجموعی وقت کی مقدار اور برطرفی کے واقعات کی ایک دوسرے سے مماثلت کی نوعیت جیسے عوامل کو ملحوظ رکھنا ہوگا۔ آیا برطرفی کی ترتیب پلیسمنٹ میں تبدیلی کی عکاسی کرتا ہے، اس کا تعین ہر ایک معاملے کی انفرادی نوعیت بنیاد پر اسکول کے ذریعہ کیا جاتا ہے اور اسے چیلنج کئے جانے کی صورت میں، یہ باضابطہ کارروائی کے ذریعہ جائزہ اور عدالتی چارہ جوئی کے ساتھ مشروط ہوگا۔

جس تاریخ کو ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کی وجہ سے آپ کے بچے/ آپ کی بچی کی پلیسمنٹ کی تبدیلی کا فیصلہ کیا جاتا ہے، آپ کے اسکول کو چاہیے کہ وہ آپ کو اس فیصلہ سے مطلع کرے اور آپ کو *دستور عمل کے تحفظات کا نوٹس* فراہم کرے۔ آپ کو اور اے آر ڈی (ARD) کمیٹی کے متعلقہ اراکین کو چاہیے کہ وہ ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کی وجہ سے آپ کے بچے/ آپ کی بچی کی پلیسمنٹ کی تبدیلی کے فیصلہ کے 10 دنوں کے اندر(آپ اور اسکول کے ذریعہ کئے گئے تعین کے مطابق) مظہر کے تعین کا جائزہ**(MDR)**

کا انعقاد کرے۔

اراکین کو چاہیے کہ وہ ایم ڈی آر(MDR) کے انعقاد کے وقت آپ کے بچے/ آپ کی بچی کے فائل میں موجود تمام متعلقہ معلومات، بشمول بچے/ بچی کے آئی ای پی (IEP)، ٹیچر کے کوئی مشاہدات اور آپ کے ذریعہ فراہم کردہ کسی بھی متعلقہ معلومات کا جائزہ لیں۔ اراکین اس بات کا تعین کرتے ہیں کہ آیا آپ کے بچہ/ آپ کی بچی کا اخلاق اسکول کے ذریعہ آپ کے بچے/ آپ کی بچی کے آئی ای پی (IEP) کے نفاذ میں ناکامی کا راست نتیجہ تھا یا آپ کے بچے/ آپ کی بچی کا اخلاق کا اس کی معذوری سے راست تعلق تھا یا یہ آپ کے بچے/ آپ کی بچی معذوری کی وجہ سے واقع ہوا تھا۔ اگر اراکین اس بات کا تعین کرتے ہیں کہ ان دو شرائط میں سے ایک شرط کا اطلاق ہوتا ہے تو آپ کے بچے/ آپ کی بچی کے برتاؤ کو آپ کے بچے/ آپ کی بچی کی معذوری کا مظہر تصور کیا جائے گا۔

- **کن صورتوں میں برتاؤ ایک مظہر ہوتا ہے**اگر آپ کے بچے/ آپ کی بچی کا اخلاق اس کی معذوری کا مظہر ہو تو اے آر ڈی (ARD) کمیٹی کو چاہیے کہ ایک کارکردگی کے رویہ کی تشخیص (FBA) انجام دے، سوائے اس کے کہ اسے پلیسمنٹ کی تبدیلی اور رویہ کے مداخلتی پلان(**BIP**) کا نفاذ واقع ہونے والے رویہ سے قبل انجام دیا گیا ہو۔ ایک ایسے معاملہ میں جہاں پر ایک بی آئی پی (BIP) پہلے ہی وضع کی گئی ہو اے آر ڈی (ARD) کمیٹی کو چاہیے کہ وہ بی آئی پی (BIP) کا جائزہ لے اور رویہ کو درست کرنے کے لئے اس میں ضروری تبدیلی کرے۔ اگر آپ کے بچہ/ آپ کی بچی کا اخلاق اسکول کے ذریعہ آپ کے بچے/ آپ کی بچی کے آئی ای پی (IEP) کے نفاذ میں ناکامی کا راست نتیجہ تھا تو اسکول کو چاہیے کہ وہ ان نقائص کی تلافی کے لئے فوری طور پر اقدامات کریں۔ بالآخر، سوائے نیچے بیان کردہ مخصوص حالات کے، اے آر ڈی (ARD) کمیٹی کو چاہیے کہ وہ آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو اس کی پلیسمنٹ پر، جہاں سے اسے خارج کیا گیا تھا، واپس لائے، سوائے اس کے کہ اسکول بی آئی پی (BIP) میں تبدیلی کے ایک حصہ کے طور پر پلیسمنٹ کی تبدیلی سے اتفاق کرے۔

- **مخصوص حالات** اسکول آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو ایک وسط مدتی متبادل تعلیمی ماحول **(IAES)** سے ہٹا سکتا ہے، جس کی مدت 45 سے زیادہ اسکولی دنوں کے لئے نہیں ہوگی، چاہے آپ کے بچے/ آپ کی بچی کے رویہ کو اس کی معذوری کا مظہر قرار دیا گیا ہو یا نہیں: اسکول کی عمارتوں یا اس کے احاطے میں یا اسکول کی کسی تقریب میں کوئی ہتھیار ساتھ لائے یا کوئی ہتھیار اس کی ملکیت میں ہو؛ اسکول میں یا اسکول کی عمارتوں یا اس کے احاطے یا اسکول کی تقریب میں رہنے کے دوران جان بوجھ کر کوئی غیر قانونی منشیات اس کی ملکیت میں ہو یا وہ اسے استعمال کرے، یا فروخت کرے، یا ممنوعہ مادے کی فروخت کرے یا اس کے فروخت کی ترغیب دے؛ یا اسکول میں یا اسکول کی عمارتوں یا اس کے احاطے یا اسکول کی تقریب میں رہنے کے دوران کسی دوسرے شخص کو شدید طور پر جسمانی نقصان پہنچائے۔

- **جب بچے/ بچی کا برتاؤ کسی چیز کا مظہر نہ ہو** جب آپ کے بچے/ آپ کی بچی کا رویہ آپ کے بچے/ آپ کی بچی کی معذوری کا مظہر نہ ہو، تو آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو ایک غیر معذور بچے/ بچی کی طرح ہی اور اتنی ہی مدت تک کے لئے نظم و ضبط کا پابند بنایا جا سکتا ہے، سوائے اس کے کہ آپ کے بچے/ آپ کی بچی کے لیے ایف اے پی ای (FAPE) کو حصول جاری رکھنا ضروری ہو۔

- **متبادل ماحول** اگر آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو یا تو مخصوص حالات یا وجہ سے یا اس وجہ سے کہ آپ کے بچے/ آپ کی بچی کا رویہ اس کی معذوری کا مظہر نہیں تھا، اس کے موجودہ تعلیمی پلیسمنٹ سے ہٹا دیا جائے تو اے آر ڈی (ARD) کمیٹی کے ذریعہ آپ کے بچے/ آپ کی بچی کا آئی اے ای ایس (IAES) کا تعین کرنا ضروری ہوگا۔ آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو ایف اے پی ای (FAPE) کے حصول کے لئے ضروری تعلیمی خدمات کا حصول جاری رکھنا ہوگا۔ ان خدمات سے، جو کہ اگرچہ یہ ایک دوسرے ماحول میں اور آئی ای پی (IEP) میں بیان کردہ اہداف کے حصول کی طرف پیش رفت کے لئے دی جاتی ہیں، آپ کے بچے/ آپ کی بچی میں عمومی تعلیمی نصاب شرکت جاری رکھنے کی اہلیت پیدا ہونا ضروری ہے۔ آپ کے بچے/ آپ کی بچی کے لیے حسب مناسبت رویہ میں بہتری لانے کے لئے وضع کردہ ایک ایف بی اے(FBA)، رویہ کی مداخلتی خدمات، اور تبدیلیاں حاصل کرنا ضروری ہے، تاکہ ان رویوں کا اعادہ نہ ہو۔

- **تیز رفتار باضابطہ سماعت** اگر آپ کسی بھی تادیبی پلیسمنٹ یا مظہر کے تعین کے فیصلے سے غیر متفق ہوں تو آپ کو ایک تیز باضابطہ سماعت کے لئے

درخواست دینے کا حق حاصل ہے۔ مزید یہ کہ، اگر اسکول کا خیال ہو کہ آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو اس کے حالیہ پلیسمنٹ پر برقرار رکھنے کے نتیجہ میں آپ کے بچے/ آپ کی بچی یا دوسروں کے زخمی ہونے کا خطرہ ہے تو اسکول ایک تیز باضابطہ سماعت کے لئے درخواست کر سکتا ہے۔ اس سماعت کو اسکول کے ذریعہ درخواست کردہ تاریخ کے 20 اسکولی دنوں کے اندر منعقد کرنا ضروری ہے۔ افسر سماعت کو چاہیے کہ وہ سماعت کے بعد 10 دنوں کے اندر پلیسمنٹ کرے۔ سوائے اس کے کہ اسکول اس کے برعکس راضی ہو، آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو افسر سماعت کے ذریعہ کے ذریعہ پلیسمنٹ ن کرنے تک یا اسکول کے آئی اے ای ایس (IAES) تعین کے ختم ہونے تک، ان دو میں سے جو کچھ پہلے واقع ہو، آئی اے ای ایس (IAES) میں بنے رہنا ہوگا۔

جب اسکول تیز باضابطہ سماعت کی درخواست دے تو آپ کے بچے/ آپ کی بچی کے آئی ای پی (IEP) پلیسمنٹ کو برقرار رکھے جانے کی صورت میں آپ کے بچے/ آپ کی بچی یا دوسروں کے زخمی ہونے کا امکان زیادہ ہو تو افسر سماعت ایک مناسب آئی اے ای ایس (IAES) میں پلیسمنٹ کو جاری رکھنے کا حکم دے سکتا ہے، جس کی مدت 45 دنوں سے زیادہ نہیں ہوگی۔ اگر آپ کے بچے/ آپ کی بچی کے رویے اس کی معذوری کے مظہر ہوں تو افسر سماعت اس صورت میں بھی آئی اے ای ایس (IAES) پلیسمنٹ کا حکم دے سکتا ہے۔ متبادل کے طور پر، افسر سماعت آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو اس پلیسمنٹ میں واپس بھیجنے کا فیصلہ کر سکتا ہے، جہاں سے اسے ہٹایا گیا تھا۔

- **فی الحال خصوصی تعلیم کے لئے اہل ہونے کا تعین نہ کئے جانے والے بچوں کے لئے تحفظ** اگر اسکول کو تادیبی کارروائی کا سبب بننے والے کسی رویہ سے پہلے یہ بات معلوم ہو کہ آپ کے بچے/ آپ کی بچی معذوری کا/ کی حامل ہے تو آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو آئیڈیا (IDEA) کے تحت معذوری والے کسی بچے/ بچی کو حاصل تمام حقوق اور تحفظات حاصل ہوں گے۔ اسکول کو پیشگی معلومات ہونا اس وقت سمجھا جاتا ہے جب: آپ کسی منتظم یا ٹیچر کے سامنے اس بات کی تشویشات کا اظہار کریں کہ بچے/ بچی کو خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات درکار ہیں؛ آپ نے آئیڈیا (IDEA) کی مطابقت سے ایک تشخیص کی درخواست دی ہو؛ یا بچے/بچی کا کوئی ٹیچر یا اسکول کے دیگر عملہ نے بچے/ بچی کے ذریعہ مظاہرہ کئے جانے والے مخصوص رویوں کے طرز کے بارے میں خصوصی تعلیم کے ڈائریکٹر یا دیگر نگرانی کرنے والے عملہ سے تشویشات کا اظہار کیا ہو۔

  اسکول کو پیشگی علم نہ ہونا اس وقت سمجھا جائے گا جب: آپ نے آپ کے بچے/ آپ کی بچی کی آئیڈیا (IDEA) تشخیص کے لئے رضامندی سے انکار کیا ہو؛ یا آپ کے بچے/ بچی کی تشخیص کی گئی ہو اور اس بات کا تعین کیا گیا ہو کہ وہ خصوصی تعلیمی خدمات کا/ کی اہل نہیں ہے۔

  اگر آپ نے شروع میں خدمات کے لئے اپنی رضامندی دی تھی اور پھر بعد میں اسکول کے ذریعہ آئیڈیا (IDEA) خدمات کی فراہمی شروع کئے جانے کے بعد تحریری طور پر آئیڈیا (IDEA) خدمات کو جاری رکھنے کی اپنی رضامندی منسوخ کی تھی اور آپ کے بچے کو معذوری نہ رکھنے والے بچوں پر لاگو ہونے والے تادیبی اقدامات کے تحت ممکنہ طور پر لایا گیا ہو۔

  اگر آپ نے اپنے بچے/ اپنی بچی کو تادیبی اقدامات کے تحت لائے جانے کی مدت کے دوران، ایک ابتدائی تشخیص کے لئے درخواست دی تھی، تو تیزی کے ساتھ ایک تشخیص انجام دینی ہوگی۔ تشخیص کے مکمل ہونے تک، آپ کا بچہ/ آپ کی بچی اسکول کے حکام کے ذریعہ متعین کردہ تعلیمی جگہ پر رہے گا، جس میں تعلیمی خدمات کے بغیر معطلی یا اخراج شامل ہو سکتا ہے۔

- **قانون کا نفاذ کرنے والے اور قانونی حکام کے ذریعہ کارروائی کے لئے آگے بھیجنا** آئیڈیا (IDEA) کسی اسکول کو معذوری رکھنے والے بچے/ بچی کے ذریعہ ارتکاب شدہ جرم کے نتیجہ میں معذوری والے بچے/ بچی کے ذریعہ ارتکاب شدہ جرم کی مناسب حکام یا وفاقی یا ریاستی قانون کو لاگو کرنے کے لئے اپنی ذمہ داریوں کو نبھانے ریاستی قانون کا نفاذ کرنے والے اور عدالتی حکام کو اطلاع دینے سے منع نہیں کرتی۔ اگر کوئی اسکول کسی معذوری والے بچے/ بچی کے ذریعہ ارتکاب شدہ جرم کی اطلاع دیتا ہے تو اسکول کو یہ بات یقینی بنانی ہوگی کہ بچے/ بچی کی خصوصی تعلیم اور تادیبی ریکارڈ کی ایک نقل کو ان حکّام کے ذریعہ تجزیہ کے لئے بھیجی گئی ہے، جنہیں اسکول نے جرم کی اطلاع دی تھی؛ تاہم ، ان ریکارڈز کو فیملی ایجوکیشنل رائٹس اینڈ پرائیویسی ایکٹ (**FERPA**) کے ذریعہ مجاز کردہ حد تک بھیجا جا سکتا ہے۔

- **تعلیمی ریکارڈز**

*تعلیمی ریکارڈز* وہ ریکارڈز ہیں، جن کا آپ کے بچے/ آپ کی بچی کے ساتھ براہ راست تعلق ہو اور جنہیں اسکول یا اسکول کی طرف سے کام کرنے والے کسی فریق کے ذریعہ تیار کیا گیا ہو، یہ ایف ای آر پی اے (FERPA) اور 34 *کوڈ آف فیڈرل ریگولیشنس* (**FERPA**) حصّہ 99 میں مذکور اس کے نفاذ کے ضوابط میں بیان کردہ چند مخصوص استثناءکے ساتھ مشروط ہے۔

آپ کو اپنے بچے/ اپنی بچی کے مکمل تعلیمی ریکارڈ بشمول خصوصی تعلیم سے متعلق اس کے حصوں کا جائزہ لینے کا حق حاصل ہے۔ اسکول اس بات کا قیاس کر سکتا ہے کہ آپ کو اپنے بچے/ اپنی بچی سے متعلق ریکارڈ کا معائنہ کرنے اور اس پر نظر ثانی کرنے کا اختیار ہے، سوائے اس کے اسے اس بات کی اطلاع دی گئی ہوکہ آپ کو سرپرستی، علیحدگی اور طلاق جیسے معاملات پر اثر انداز ہونے والے قابل اطلاق ریاستی قانون کے تحت اس بات کی اجازت نہیں ہے۔ آپ کسی دوسرے شخص کے ذریعہ اپنے بچے/اپنی بچی کے ریکارڈز کا جائزہ لئے جانے کی بھی اجازت دے سکتے ہیں۔ جب آپ ریکارڈز کا جائزہ لینے کے لئے درخواست کریں، اسکول کے لئے ضروری ہے کہ وہ انہیں آپ کے لئے بغیر کسی غیرضروری تاخیر اور کسی اے آر ڈی (ARD) کمیٹی کی میٹنگ یا باضابطہ سماعت یا قرارداد کے سیشن سے پہلے اور کسی بھی صورت میں درخواست کی تاریخ کے بعد 45 دنوں کے اندر دستیاب کرے۔

- **وضاحت، نقول اور فیس** اگر آپ درخواست کریں تو اسکول کے لئے ضروری ہے کہ وہ ریکارڈز کی ممکنہ طور پر وضاحت اور ترجمانی کرے۔ اسکول کو چاہیے کہ وہ آپ کے لئے نقول بنائے بشرطیکہ آپ صرف اسی طریقے سے ریکارڈز کا معائنہ اور جائزہ لے سکتے ہیں۔ اسکول آپ کے بچے/ آپ کی بچی کے متعلق کسی تعلیمی ریکارڈ کو تلاش کرنے، انہیں بازیافت کرنے کے لئے کوئی فیس عائد نہیں کر سکتا۔ تاہم، یہ نقل بنانے کے لئے آپ سے فیس وصول کر سکتا ہے، اگر یہ فیس آپ کو ریکارڈز کا معائنہ کرنے اور جائزہ لینے سے نہ روکتی ہو۔

- **ایک سے زائد بچے/ بچی سے متعلق معلومات** اگر کسی تعلیمی ریکارڈز میں ایک سے زائد بچے/ بچی کی معلومات شامل ہوں تو آپ کو صرف اپنے بچے/ اپنی بچی سے متعلق معلومات کے معائنے اور جائزے یا ان مخصوص معلومات سے مطلع کئے جانے کا حق ہے۔

آپ کو اسکول کے ذریعہ جمع کردہ، محفوظ کردہ یا استعمال کردہ تعلیمی ریکارڈز کی اقسام اور ان کی جگہوں کی ایک فہرست کی درخواست دینے اور اسے حاصل کرنے کا حق ہے۔

ایف ای آر پی اے(FERPA) چند مخصوص افراد بشمول اسکول کے اہلکاروں کو آپ کی رضامندی کے بغیر آپ کے بچے/ آپ کی بچی کے ریکارڈز ملاحظہ کرنے کی اجازت دیتی ہے۔ دوسری صورت میں، آپ کی رضامندی کو ذاتی طور قابل شناخت معلومات کے افشا سے پہلے حاصل کرنا ضروری ہے۔ *ذاتی طور قابل شناخت معلومات* میں شامل ہیں: آپ کے بچے/ آپ کی بچی کی معلومات، والدین کے طور پر آپ کا نام، یا دیگر خاندان کے فرد کا نام؛ آپ کا پتہ؛ ایک ذاتی شناخت کار (جیسا کہ سوشل سیکورٹی نمبر)؛ یا ان خصوصیات کی ایک فہرست جو آپ کے بچے/ آپ کی بچی کی شناخت کو ایک معقول قطعیت کے ساتھ ممکن بنائے۔

آپ کی رضامندی، یا اہل بچے/ بچی کی رضامندی جو ریاستی قانون کے تحت بلوغ کی عمر کو پہنچا/ پہنچی ہو، کو ذاتی طور پر قابل شناخت معلومات کو منتقلی کی خدمات کی فراہمی یا ادائیگی کرنے والی شرکت کنندہ ایجنسیوں کے اہلکاروں کو جاری کئے جانے سے پہلے حاصل کرنا ہوگا۔ اگر آپ کا بچہ/ آپ کی بچی کسی نجی اسکول پڑھنے جارہا/ رہی ہے یا جانے والا/والی ہے جو اس اسکول ڈسٹرکٹ میں واقع نہیں ہے، جہاں پر آپ رہائش پذیر ہیں تو آپ کے بچے/ آپ کی بچی سے متعلق کسی بھی قابل شناخت ذاتی معلومات کو نجی اسکول کی جگہ کے اسکول ڈسٹرکٹ کے اہلکاروں اور آپ کی جائے رہائش کے اسکول ڈسٹرکٹ کے اہلکاروں کے درمیان جاری کرنے سے پہلے آپ کی رضامندی حاصل کرنی ہوگی۔

اسکول کو چاہیے کہ وہ آپ کے بچے/ آپ کی بچی کے خصوصی تعلیمی ریکارڈز کو ملاحظہ کرنے والے ( سوائے آپ کے اور مجاز اسکول اہلکاروں کے) ہر ایک کا لاگ برقرار رکھے، سوائے اس کے کہ آپ نے افشا کے لئے اپنی رضامندی دی ہو۔ اس لاگ میں اس شخص کا نام، رسائی دی گئی تاریخ اور وہ مقصد جس کے لئے اس شخص کو ریکارڈ استعمال کرنے کے لئے مجاز بنایا گیا تھا۔

اسکول کے ایک اہلکار کو کسی بھی ذاتی قابل شناخت معلومات کی رازداری کو یقینی بنانے کے لئے ذمہ داری قبول کرنی ہوگی۔ ذاتی طور پر قابل شناخت معلومات کو جمع کرنے اور ان کا استعمال کرنے والے تمام اشخاص کو آئیڈیا (IDEA) اور ایف ای آر پی اے(FERPA) کے تحت رازداری سے متعلق ریاست کی پالیسیوں اور کارروائیوں کے تعلق سے تربیت یا ہدایات حاصل کرنی ہوگی۔ ہر اسکول کو چاہیے کہ وہ اسکول کے اندر موجود ان ملازمین کے ناموں اور ان کے عہدوں کی ایک تازہ ترین فہرست عوامی معائنے کے لئے تیار کر کے رکھے، جنہیں ذاتی طور پر قابل شناخت معلومات تک رسائی حاصل ہو سکتی ہو۔

- **ریکارڈز میں ترمیم**اگر آپ کا خیال ہو کہ آپ کے بچے/ آپ کی بچی کے تعلیمی ریکارڈز غیر درست، گمراہ کن یا آپ کے بچے/ آپ کی بچی کے حقوق کی خلاف ورزی کرنے والے ہیں تو آپ ان معلومات میں ترمیم کرنے کے لئے اسکول سے درخواست کر سکتے ہیں۔ اسکول کو ایک معقول وقت میں اس بات کا فیصلہ کرنا ہوگا کہ آیا ان معلومات میں ترمیم کی جائے یا نہیں۔ اگر اسکول کی گئی درخواست کے مطابق معلومات میں ترمیم کرنے سے انکار کرے تو اسے چاہیے کہ وہ آپ کو اپنے انکارسے آگاہ اور ریکارڈ میں موجود معلومات کو چیلنج کرنے کے آپ کے حق سے مطلع کرے۔ اس قسم کی سماعت ایف ای آر پی اے(FERPA) کے تحت ایک مقامی سماعت ہے اور یہ آئیڈیا (IDEA) والی باضابطہ سماعت نہیں ہے جو ایک غیر جانبدار افسر سماعت کے سامنے منعقد ہوتی ہے۔

اگر کسی سماعت کے نتیجہ میں، اسکول اس بات کا فیصلہ کرے کہ معلومات غیر درست، گمراہ کن یا دوسری صورت میں آپ کے بچے/ آپ کی بچی کی رازداری یا دیگر حقوق کی خلاف ورزی ہے تو اسے یہ معلومات تبدیل کرنی ہوگی اور آپ کو اس کی اطلاع دینی ہوگی۔ اگر سماعت کے نتیجہ میں، اسکول یہ فیصلہ کرے کہ یہ معلومات غیر درست، گمراہ کن یا دوسری صورت میں آپ کے بچے/ آپ کی بچی کی رازداری یا دیگر حقوق کی خلاف ورزی کرنے والی نہیں ہے تو آپ کو اس ریکارڈ یا اعتراض والے حصّہ کو اسکول کے ذریعہ محفوظ رکھے جانے تک آپ کے بچے/ آپ کی بچی کے ریکارڈ میں موجود معلومات پر اپنے ایک تبصرہ والے بیان کو شامل کے آپ کے حق سے آگاہ کرنا ہوگا۔

اگر آپ اپنے بچے/اپنی بچی کو خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات حاصل کرنے کی اپنی رضامندی اسکول کے ذریعہ ابتدائی طور پر خدمات کی فراہمی کے بعد تحریری طور پر منسوخ کرتے ہیں تو آپ کے اسکول کو آپ کے بچے/ آپ کی بچی کے ریکارڈز سے آپ کے بچے/ آپ کی بچی کے ذریعہ خصوصی تعلیمی خدمات کے ماضی میں حصول سے متعلق کسی حوالہ جات کو ہٹانے کے لئے اس میں ترمیم کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ تاہم، اگر آپ کا خیال ہو کہ آپ کے بچے/ آپ کی بچی کے تعلیمی ریکارڈز غیر درست، گمراہ کن یا آپ کے بچے/ آپ کی بچی کے حقوق کی خلاف ورزی کرنے والے ہیں آپ کو اب بھی اسکول سے اپنے بچے/اپنی بچی کے ریکارڈز میں ترمیم کرنے کی درخواست کا حق حاصل ہے۔

- **تحفظات اور اتلاف** اسکول کو چاہیے کہ وہ جمع کاری، ذخیرہ، افشا اور اتلاف کے مرحلوں میں آپ کے بچے/ آپ کی بچی کے ریکارڈز کی رازداری کا تحفظ کریں۔ *اتلاف* کا مطلب معلومات سے ذاتی شناخت کاروں کا طبعی اتلاف یا ہٹایا جانا ہے تا کہ وہ معلومات مزید ذاتی طور پر قابل شناخت نہ رہے۔ اسکول کو چاہیے کہ جب آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو تعلیمی خدمات فراہم کرنے کے لئے آپ کے بچے/ آپ کی بچی کے تعلیمی ریکارڈز میں موجود

معلومات کی مزید ضرورت نہ ہو تو وہ آپ کو اس کی اطلاع دے۔ اس معلومات کو آپ کی درخواست پر تلف کرنا ہوگا، سوائے نام، پتہ، فون نمبر، درجے، حاضری کے ریکارڈ، حاضری والے کلاس، تکمیل شدہ درجہ کی سطح اور تکمیل کا سال۔

- **والدین کو نوٹس** ٹی ای اے (TEA) نوٹس دے گی جو کہ ذاتی طور پر قابل شناخت معلومات کی رازداری کے بارے میں والدین کو مکمل طور پر آگاہ کرنے کے لئے کافی ہوگی: بشمول اس حد کی ایک صراحت جس حد تک ریاست میں آباد مادری زبانوں کی آبادی کے مختلف گروپوں کو اطلاع دی گئی ہے؛ ان بچوں کی ایک صراحت جن کے بارے میں ذاتی طور پر قابل شناخت معلومات محفوظ رکھی گئی ہے، پوچھی گئی معلومات کی اقسام، معلومات کو جمع کرنے میں استعمال کردہ طریقہ کار، بشمول وہ ذرائع جہاں سے معلومات حاصل کی گئی ہیں اور معلومات کے کئے جانے والے استعمالات، ان پالیسیوں اور طریقہ کار کا ایک خلاصہ جن پر شرکت کرنے والی ایجنسیوں کو عمل کرنا ہوگا، ذاتی طور پر قابل شناخت معلومات سے متعلق ذخیرہ، تیسرے فریقوں کے سامنے افشاء، روکے رکھنا اور اتلاف؛ اور ایف ای آر پی اے (FERPA) اور سی ایف آر (CFR) 34 حصّہ 99 میں مذکور اس کے نفاذ سے متعلق ضوابط والدین اور بچوں کے جملہ حقوق کی ایک صراحت۔

**■ والدین کے ذریعہ رضاکارانہ نجی اسکولوں میں جگہوں کا تعین**

جب آپ اپنے بچے/اپنی بچی کو رضاکارانہ طور پر ایک نجی اسکول میں داخل کرتے ہیں تو آپ کو مخصوص حقوق حاصل ہوں گے۔ آئیڈیا (IDEA) سرکاری اسکولوں سے اس بات کا تقاضہ نہیں کرتا کہ وہ سرکاری اسکول کے ذریعہ آپ کے بچے/ آپ کی بچی کے لئے ایف اے پی ای (FAPE) دستیاب کئے جانے کی صورت میں آپ کسی پرائیویٹ اسکول یا عمارت میں اپنے بچوں کو بٹھانے کا انتخاب کریں تو آپ کے بچے/ آپ کی بچی کے تعلیمی اخراجات بشمول خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات کے لئے ادائیگی کرے۔ تاہم، اس سرکاری اسکول کو جہاں پر نجی اسکول واقع ہے، آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو اس آبادی میں شامل کرنا ضروری ہوگا، جن کی ضروریات پر آئیڈیا (IDEA) کی ان بچوں سے متعلق دفعات کے تحت توجہ دی جاتی ہے، جنہیں ان کے والدین نے نجی اسکول میں داخل کیا ہو۔

**■ والدین کے ذریعہ نجی اسکولوں میں اس وقت داخلہ جب ایف اے پی ای (FAPE) زیر بحث مسئلہ ہو**

جب آپ اپنے بچے/اپنی بچی کا داخلہ کسی نجی اسکول میں کرواتے ہیں تو آپ کے کچھ مخصوص حقوق ہوں گے، کیونکہ آپ سرکاری اسکول میں اپنے بچے/ اپنی بچی کے لئے ایک مناسب پروگرام کی دستیابی کے تعلق سے غیر متفق ہیں۔

اگر آپ کے بچے/ آپ کی بچی نے ایک سرکاری اسکول کے زیر اختیار خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات حاصل کی ہے اور آپ اپنے بچے/ اپنی بچی کو سرکاری اسکول کی رضامندی یا سفارش کے بغیر ایک نجی پری اسکول، ابتدائی اسکول یا ثانوی اسکول میں داخلہ دلانا منتخب کرتے ہیں تو کوئی عدالت یا افسر سماعت اس بات کا پتہ لگائے کہ سرکاری اسکول نے اس داخلہ سے پہلے آپ کے بچے/ آپ کی بچی کے لئے ایف اے پی ای (FAPE) کو ایک بروقت طریقہ پر دستیاب نہیں کیا تھا اور یہ کہ نجی اسکول میں بٹھانا مناسب ہے، تو عدالت یا افسر سماعت سرکاری اسکول سے اس بات کا تقاضہ کر سکتا ہے کہ وہ آپ کو داخلہ کے اخراجات کی باز ادائیگی کرے۔ عدالت یا افسر سماعت اس صورت میں بھی آپ کے تعین کو مناسب تصور کرے گا جب پلیسمنٹ کا اطلاق ٹی ای اے (TEA) اور اسکولوں کے ذریعہ فراہم کی جانے والی تعلیم کے ریاستی معیار کے مطابق نہ ہو۔

- **باز ادائیگی کی حد** اوپر والے پیراگرف میں مذکورہ باز ادائیگی میں کمی کی جا سکتی ہے یا اس سے انکارکیا جا سکتا ہے، اگر: آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو سرکاری اسکول سے ہٹائے جانے سے پہلے آپ کے ذریعہ شرکت کردہ حالیہ ترین اے آر ڈی (ARD) کمیٹی میٹنگ میں آپ نے اے آر ڈی (ARD) کمیٹی کو اس بات سے مطلع نہیں کیا تھا کہ آپ اپنے بچے/اپنی بچی کو ایف اے پی ای (FAPE) فراہم کرنے کے لئے سرکاری اسکول کے ذریعہ تجویز کردہ پلیسمنٹ کو رد کرتے ہیں، بشمول اس میں آپ نے اپنی تشویشات کا اظہار کیا ہو اور اپنے بچے کو ایک نجی اسکول میں داخل کرنے کے اپنے ارادہ کا اظہار کیا ہو؛ یا کم از کم 10 کاروباری دنوں، بشمول کسی بھی تعطیلات کے جو ایک کاروباری دن میں واقع ہوئی ہو، اپنے بچے/ اپنی بچی کو سرکاری اسکول سے ہٹانے سے پہلے، آپ نے سرکاری اسکول کو تحریری اطلاع نہیں دی تھی، یا سرکاری اسکول نے آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو سرکاری اسکول سے ہٹائے جانے سے پہلے آپ کو ایک تحریری اطلاع ی تھی، جس میں اس نے آپ کے

بچے کی تشخیص کرنے کا اپنا ارادہ ظاہر کیا ہو، جس میں آپ کے بچے/ آپ کی بچی کی تشخیص کا مقصد کا ایک معقول اور مناسب بیان شامل ہو، لیکن آپ نے اپنے بچے/ اپنی بچی کو تشخیص کے لئے دستیاب نہیں کیا تھا؛ یا عدالت کو اس بات کا پتہ چلے کہ آپ کی کارروائی معقول نہیں تھی۔

تاہم، اطلاع دینے میں ناکامی کی وجہ سے باز ادائیگی کی لاگت میں کمی یا اس سے انکار بالکل نہیں کیا جا سکتا، اگر: سرکاری اسکول آپ کو اطلاع دینے سے روکے؛ آپ کو مذکورہ بالا اطلاع دینے کی آپ کی ذمہ داری کی اطلاع موصول نہیں ہوئی تھی؛ یا درج بالا ضروریات کی مطابقت کے نتیجہ میں آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو جسمانی طور پر نقصان پہنچنے کے امکانات ہوں۔ ضروری اطلاع دینے میں ناکامی کی صورت میں، عدالت یا افسر سماعت کی صوابدید پر باز ادائیگی کی لاگت میں کمی یا اس سے انکارنہیں کیا جا سکتا، بشرطیکہ آپ پڑھے لکھے نہیں ہیں یا آپ انگریزی لکھ نہیں سکتے یا مذکورہ بالا شرائط کی تکمیل کے نتیجہ میں آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو شدید جذباتی نقصان کا خطرہ ہو۔

■ **والدین کے حقوق کی منتقلی**

بچے/ بچی کے بلوغ کی عمر کو پہنچنے پر آئیڈیا (IDEA) کے تحت والدین کے جملہ حقوق بچے/ بچی کو منتقل ہو جائیں گے۔ ٹیکساس قانون کے تحت بلوغت کی عمر 18 سال ہے۔ اکثر بچوں کے لئے، اس دستاویز میں بیان کردہ والدین کے تمام حقوق 18 سال کی عمر میں بچے/ بچی کو منتقل ہو جائیں گے۔ جب والدین کے حقوق آپ کے بالغ طالب علم کو منتقل ہو جائیں تو اسے اپنے تعلیمی فیصلے کرنے کے حقوق حاصل ہوں گے، تاہم سرکاری اسکولوں کو اب بھی آپ کو اے آر ڈی (ARD) کمیٹی کی میٹنگوں کی اطلاعات اور پیشگی تحریری اطلاعات دینی ہوگی۔ تاہم، آپ اس وقت تک میٹنگوں میں شرکت نہیں کر سکتے جب تک کہ آپ کو بالغ طالب علم یا اسکول کے ذریعہ خصوصی طور پر مدعو نہ کیا گیا ہو یا آپ کے بالغ طالب علم نے آپ کو معاونت یافتہ فیصلہ سازی کے معاہدہ میں اس بات کا حق دیا ہو۔

- **بالغ طالب علم کے لئے عدالت کے ذریعہ مقرر کردہ سرپرست** اگر عدالت نے آپ کو یا کسی دوسرے شخص کو بالغ طالب علم کے قانونی سرپرست کے طور پر مقرر کیا ہے تو آئیڈیا (IDEA) کے تحت حقوق بالغ طالب علم کو منتقل نہیں ہوں گے۔ قانونی طور پر مقرر کردہ سرپرست کو حقوق حاصل ہوں گے۔

- **مقید بالغ طالب علم** اگر بالغ طالب علم مقید ہو تو 18 سال کی عمر میں تمام آئیڈیا (IDEA) حقوق بالغ طالب علم کو منتقل ہو جائیں گے۔ آپ کو خصوصی تعلیم سے متعلق پیشگی تحریری نوٹسز وصول کرنے کا حق حاصل نہیں ہوگا۔

- **18 سال کی عمر سے پہلے بالغ طلبا** ٹیکساس فیملی کوڈ کے باب 31 میں چند مخصوص شرائط بیان کی گئی ہیں، جس کے نتیجہ میں بچہ/ بچی 18 سال کی عمر سے پہلے بالغ ہوتے ہیں۔ اگر اس باب کے تحت آپ کے بچہ/بچی کے بالغ ہونے کا تعین کیا جاتا ہے تو اس وقت آئیڈیا (IDEA) کے تحت آپ کے حقوق آپ کے بچے/ بچی کو منتقل ہو جائیں گے۔

- **سرپرستی کا متبادل** سرکاری اسکول کو چاہیے کہ وہ ایک درست مختار نامے یا ایک درست فیصلہ سازی کے معاہدے کو قبول کریں، جسے آپ کے بالغ طالب علم نے طے کیا تھا۔

- **درکار اطلاعات اور معلومات** سرکاری اسکول کو چاہیے کہ وہ آپ کے بچے /آپ کی بچی کی 17ویں سالگرہ پر یا اس سے پہلے والدین کے حقوق کی منتقلی کی وضاحت والی تحریری اطلاعات دیں اور اس میں سرپرستی سے متعلق معلومات اور سرپرستی کے متبادلات، بشمول معاونت یافتہ فیصلہ سازی کے معاہدوں، اور دیگر معاونتوں اور خدمات سے متعلق معلومات آپ کو اور آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو فراہم کریں جو آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو آزادانہ طور پر رہنے میں مدد کر سکتی ہیں۔ 2019-2018 تعلیمی سال کے آغاز سے، آپ کے بچے/ آپ کی بچی کے آئی ای پی (IEP) میں اس بات کا بیان ہونا چاہیے کہ سرکاری اسکول نے اس معلومات کو فراہم کیا ہے۔

آپ کے بچے/ آپ کی بچی کے 18 سال کی عمر کو پہنچنے پر، سرکاری اسکول کو چاہیے کہ وہ آپ کو اور آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو اس بات کی تحریری اطلاع دے کہ والدین کے حقوق بالغ طلبا کو منتقل ہو گئے ہیں۔ 2019-2018 تعلیمی سال سے شروع، اس تحریری اطلاع میں سرپرستی اور سرپرستی کے متبادلات بشمول معاون فیصلہ سازی کے معاہدوں اور دیگر معاونتوں اور خدمات سے متعلق معلومات اور وسائل شامل ہونے چاہئیں جو آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو آزادانہ طور پر رہنے میں

مدد کر سکتی ہیں۔ اس تحریری اطلاع میں اضافی معلومات جاننے کے لئے استعمال کرنے کے لئے رابطہ کی معلومات بھی شامل ہونی چاہیے۔

- **خصوصی تعلیم کی معلومات**

اگر آپ کو خصوصی تعلیم سے متعلق معلومات کی ضرورت ہو تو آپ اسپیشل ایجوکیشن انفارمیشن سینٹر کو 1-855- SPEDTEX (1-855-773-3839) پر کال کر سکتے ہیں۔ اگر آپ
اس نمبر پر کال کریں اور ایک پیغام چھوڑیں تو معمول کے کاروباری اوقات میں کوئی شخص آپ کو واپس کال کرے گا۔ ایسے افراد جو بہرے ہیں یا جنہیں سننے میں دقت پیش آتی ہے وہ 7-1-1 ریلے ٹیکساس استعمال کرتے ہوئے درج بالا وائس نمبر پر کال کر سکتے ہیں۔

- **اختلافات کا حل**

بعض اوقات آپ اپنے بچے/ اپنی بچی کی خصوصی تعلیم کی خدمات سے متعلق اسکول کے ذریعہ کی گئی کارروائیوں سے غیر متفق ہو سکتے ہیں۔ آ پ کو اس بات کی سختی سے ترغیب دی جاتی ہے کہ آپ اختلاف واقع ہونے کی صورت میں اسکول کے عملہ کے ساتھ مل کر فوری طور پر انہیں حل کرنے کی کوشش کریں۔ آپ اسکول کی طرف سے والدین کے لئے پیش کئے جانے والے تنازعہ کے حل کے اختیارات کے بارے میں دریافت کر سکتے ہیں۔ ٹی ای اے (TEA) خصوصی تعلیم کی اختلافات کو حل کرنے کے لئے چار باضابطہ اختیارات کی پیشکش کرتی ہے: ریاستی آئی ای پی (IEP) کی سہولت، ثالثی کی خدمات، خصوصی تعلیم کی شکایت کے حل کی کارروائی اور باضابطہ سماعت کا پروگرام۔

- **ریاستی آئی ای پی کی سہولت**

قانون کے تقاضہ کے مطابق، ٹی ای اے (TEA) نے تنازعہ میں موجود فریقوں کو اے آر ڈی (ARD) کمیٹی کی میٹنگوں کے سلسلہ میں معاونت فراہم کرنے کے لئے آزاد آئی ای پی (IEP) سہولت کاروں کی فراہمی کے لئےآئی ای پی (IEP) سہولت کار کے منصوبے کا قیام کیا ہے۔ آزاد سہولت کار فراہم کرنے کے لئے ٹی ای اے (TEA) کو درج ذیل شرائط کی مطابقت کرنی ہوگی:

- میں۔ مطلوب درخواست فارم کو مکمل کرنا ہوگا اور اس پر آپ اور اسکول دونوں کے دستخط ثبت ہونے چاہیے۔ یہ فارم انگریزی اور ہسپانوی زبان میں یہاں پر دستیاب ہے: http://tea.texas.gov/Academics/Special_Student_Populations/Special_Education/Programs_and_Services/Individualized_Education_Program_Facilitation/. یہ فارم درخواست پر دستیاب ہے ٹی ای اے (TEA) میں۔ ٹی ای اے (TEA ) کے لئے رابطہ کی معلومات اس دستاویز کے آخر میں دی گئی ہے۔

- اس تنازعہ کا تعلق اے آر ڈی (ARD) کمیٹی میٹنگ سے ہونا ضروری ہے، جس میں آئی ای پی (IEP) کے ایک یا زائد درکار عناصر سے متعلق معاہدہ کی مطابقت نہ ہوئی ہو اور اے آر ڈی (ARD) کمیٹی نے میٹنگ کو معطل کر کے دوبارہ میٹنگ منعقد کرنے سے اتفاق کیا ہو۔

- آپ کو اور اسکول کو نااتفاقی کی وجہ سے ختم ہونے والی اے آر ڈی (ARD) کمیٹی میٹنگ کے پانچ دنوں کے اندر درکار درخواست فارم فائل کرنا ہوگا، اور ایک سہولت کار کو دوبارہ منعقد ہونے والی میٹنگ کی تاریخ پر دستیاب رہنا ہوگا۔

- اس تنازعہ کو مظہر کے تعین یا آئی اے ای ایس (IAES) پلیسمنٹ سے متعلق نہیں ہونا چاہیے۔

- آپ اور اسکول کو خصوصی تعلیم کی ثالثی میں ساتھ ساتھ نہیں ہونا چاہیے۔

- تنازعہ کے مسائل کو خصوصی تعلیم کی شکایت یا خصوصی تعلیم کے باضابطہ سماعت کو موضوع نہیں ہونا چاہیے۔

- آپ کو اور اسکول کو آئی ای پی (IEP) کی معاونت کی موجودہ درخواست کے ایک ہی تعلیمی سال میں ایک ہی بچے/ بچی سے متعلق آئی ای پی (IEP) کی معاونت شرکت نہ کرنا ضروری ہے۔

## ■ ثالثی کی خدمات

ثالثی بچے/ بچی کی شناخت، تشخیص، تعلیمی پلیسمنٹ اور ایف اے پی ای (FAPE) سے متعلق نا اتفاقیوں کو حل کرنے کے لئے استعمال کیا جانے والا ایک دستیاب حل ہے۔ اگر اسکول اور آپ دونوں ثالثی میں شرکت کرنے پر راضی ہوں تو ٹی ای اے (TEA) ثالثی کے لئے بندوبست اور ادائیگی کرے گی۔ آپ کو باضابطہ سماعت یا آئیڈیا ( IDEA) کے تحت آپ کو حاصل کسی دوسرے حقوق کے حصول میں تاخیر یا انکار کے لئے ثالثی کو استعمال نہیں کیا جا سکتا۔

باضابطہ سماعت کی درخواست دئے جانے پر ٹی ای اے (TEA) خودبخود طور پر ثالثی کی پیشکش کرے گی۔ لیکن آپ اپنے اور اسکول کے درمیان آپ کے بچے/ آپ کی بچی کے خصوصی تعلیمی پروگرام سے متعلق نااتفاقیوں کی صورت میں کسی بھی وقت ثالثی کی خدمات کے لئے درخواست کر سکتے ہیں۔

ثالث ٹی ای اے (TEA) یا ٹیکساس کے کسی بھی دیگر اسکول کے ملازمین نہیں ہیں، اور ان کا کوئی ایسا ذاتی یا پیشہ ورانہ مفاد نہیں ہے جو ان کی معروضیت کے ساتھ متصادم ہو۔ ثالث تنازعات کو حل کرنے میں مستند اور تربیت یافتہ پیشہ ور افراد ہیں اور انہیں خصوصی تعلیم کے قوانین کی معلومات ہوتی ہیں۔ ثالث کا کردار ثالثی کے دوران معروضی انداز اختیار کرنا اور کسی بھی ایک فریق کی جانبداری نہ کرنا ہے۔ ثالثی کا مقصد آپ کو اور اسکول دونوں کو مطمئن کرنے والے ایک متفقہ حل کے حصول میں مدد کرنا ہے۔

ثالثوں کی ایک تازہ فہرست یہاں پر دستیاب ہے: http://tea.texas.gov/index4.aspx?id=5087

اگر آپ اور اسکول ثالثی پر راضی ہوں تو آپ ایک مخصوص ثالث کو استعمال کرنے پر راضی ہو سکتے ہیں یا بلاترتیب طور پر کوئی ثالث تفویض کیا جائے گا۔ کسی بھی معاملہ میں، ثالث آپ اور اسکول کے لئے سہولت بخش مقام اور وقت پر ثالثی کے سیشن کے منصوبے کے لئے، فوری طور پر آپ سے رابطہ کرے گا۔ ثالثی کے دوران ہونے والی بات چیت رازدارانہ ہے اور اسے مستقبل کی باضابطہ سماعت یا عدالتی چارہ جوئی کے لئے استعمال نہیں کیا جا سکتا۔

اگر آپ اور اسکول میں اتفاق ہو جائے تو آپ اور اسکول کا با اختیار نمائندہ تحریری معاہدہ پر دستخط کریں گے۔ یہ معاہدہ ریاستی قانون کے تحت اس قسم کے معاملے کی سماعت کے لئے یا کسی وفاقی ضلعی عدالت میں قانونی طور پر واجب التعمیل اور قابل نفاذ ہوگا۔

آپ ثالثی سے متعلق مزید معلومات ٹی ای اے (TEA) کی اس ویب سائٹ سے حاصل کر سکتے ہیں: http://tea.texas.gov/index4.aspx?id=5087۔

## ■ خصوصی تعلیم سے متعلق شکایت کے حل کا عمل

خصوصی تعلیم کے تنازعات کے حل کے لئے دوسرا اختیار ٹی ای اے (TEA) کا خصوصی تعلیم سے متعلق شکایت کے حل کا طریق کار ہے۔ اگر آپ کو لگتا ہے کہ کسی سرکاری ایجنسی نے خصوصی تعلیمی ضروریات کی خلاف ورزی کی ہے تو آپ اس دستاویز کے آخر میں دئے گئے پتے پر ٹی ای اے (TEA) کو ایک تحریری شکایت بھیج سکتے ہیں۔ آپ کو اپنی شکایت ایک ایسے ادارہ کو بھی بھیجنی ہوگی، جس کے خلاف شکایت فائل گئی ہو۔ کوئی بھی تنظیم یا فرد اس کے پاس شکایت دائر کر سکتی ہے۔ شکایت کی پیمائۂ وقت ٹی ای اے (TEA) کو شکایت موصول ہونے کے بعد اگلے کاروباری دن سے شروع ہوگی۔ آپ کی تحریری شکایت میں، شکایت کے موصول ہونے کی تاریخ سے قبل ایک سال کے اندر واقع ہونے والی خلاف ورزی کی صراحت ہونی چاہیے۔ شکایت میں یہ چیزیں لازمی طور پر ہوں : ایک بیان کہ ایک سرکاری ایجنسی نے خصوصی تعلیم کے ایک تقاضے کی خلاف ورزی کی ہے، وہ حقائق جن پر اس بیان کا دارومدار ہے، اور آپ کا دستخط ور رابطہ کی معلومات۔ اگر شکایت کسی مخصوص بچے/بچی سے متعلق ہے تو اس میں ان چیزوں کا شامل ہونا بھی ضروری ہے: بچے/ بچی کا نام اور پتہ یا اگر

بچہ/بچی بے گھر ہو تو دستیاب رابطہ کی معلومات، بچے/ بچی کے اسکول کا نام، بچے/بچی کے مسئلے کی نوعیت کی صراحت، بشمول مسئلے سے متعلق اس وقت آپ کو معلوم اور دستیابی کی حد تک حقائق۔

ٹی ای اے (TEA) آپ کو اضافی معلومات جمع کرنے اور رضاکارانہ ثالثی میں داخل ہونے کے لئے ایک موقع دے گی۔ ٹی ای اے (TEA) سرکاری ایجنسی کو بھی شکایت کا جواب دینے اور شکایت کو حل کرنے کے لئے تجویز جمع کرنے کے لئے ایک موقع دے گی۔

آپ کی تحریری شکایت موصول ہونے کے 60 دنوں کے اندر، سوائے اس کے کہ درج بالا ضروریات کی مطابقت کرنے والے مخصوص حالات کی وجہ سے یا فریق کے اتفاق کی بنیاد پر اسے بڑھایا جائے، ٹی ای اے (TEA) ایک تفتیش ، بشمول اگر ضروری ہو تو ایک آن سائٹ تفتیش انجام دے گی۔ ٹی ای اے (TEA) تمام متعلقہ معلومات کا جائزہ لے گی اور اس بات کا تعین کرے گی کہ آیا سرکاری ایجنسی نے خصوصی تعلیم کی ایک ضرورت کی خلاف ورزی کی ہے۔ آپ کو ایک تحریری فیصلہ دیا جائے گا، جس میں ہر ایک الزام پر توجہ دی جائے گی، بشمول حقیقت کی تلاش، نتائج اور ٹی ای اے (TEA) کے فیصلے کے اسباب شامل ہوں گے۔

اگر ٹی ای اے (TEA) اس بات کا تعین کرتی ہے کہ سرکاری ایجنسی نے خصوصی تعلیم کی ایک ضرورت کی خلاف ورزی کی ہے، تو یہ ضروری ہے کہ یہ سرکاری ایجنسی سے پائی جانے والی خلاف ورزی پر توجہ دینے کے لئے مناسب اقدام ، بشمول تکنیکی معاونتی سرگرمیوں میں مشغولیت، گفت و شنید اور تادیبی کارروائیوں کرنے کا تقاضہ کرے ۔ تادیبی کارروائیوں میں ماضی میں بچے/ بچی یا بچوں کے گروپ کو فراہم نہ کی جانے والی خدمات کی تلافی کے لئے خدمات کی فراہمی اور معذوری والے تمام بچوں کو مستقبل میں خدمات کی مناسب فراہمی شامل ہو سکتی ہیں۔ آپ کی شکایت کے تعلق سے ٹی ای اے (TEA) کے فیصلے حتمی ہیں اور ان پر اپیل نہیں کی جا سکتی۔ تاہم، شکایت کو درج کروانے سے ثالثی یا باضابطہ سماعت کے لئے آپ کا حق ختم نہیں ہوتا۔

اگر آپ کوئی شکایت درج کروائیں اور اسی مسئلہ سے متعلق باضابطہ سماعت کی درخواست کریں تو ٹی ای اے (TEA) شکایت میں درج کسی بھی ایسے مسئلے کو ، جس پر باضابطہ سماعت میں حل کیا جا رہا ہو، سماعت کے ختم ہونے تک مؤخر رکھے گی۔ شکایت میں موجود کوئی ایسا مسئلہ جو باضابطہ سماعت کا حصہ نہ ہو ، اسے اس دستاویز میں مذکور پیمانۂ وقت کے اندر اور طریقہ کار کے مطابق حل کیا جائے گا۔

اگر کسی شکایت میں پیش کردہ کسی مسئلہ کا باضابطہ سماعت میں فیصلہ کیا جائے تو اس مسئلہ پر سماعت کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

آپ شکایت کے عمل اور شکایت کی تفتیش سے متعلق مزید معلومات یہاں ٹی ای اے (TEA) کی ویب سائٹ پر ملاحظہ کر سکتے ہیں: https://tea.texas.gov/Academics/Special_Student_Populations/Special_Education/Dispute_Resolution/Special_Education_Dispute_Resolution_Processes/

■ **باضابطہ سماعت کا پروگرام**

خصوصی تعلیم کے تنازعات کو حل کرنے کے لئے چوتھا اختیار باضابطہ سماعت ہے۔ باضابطہ سماعت میں، ایک غیر جانبدار افسر سماعت فریقین کے دلائل سنتا ہے اور قانونی طور پر واجب التعمیل فیصلہ کرتا ہے۔

آپ کو اپنے بچے/ اپنی بچی کی شناخت، تشخیص، یا تعلیمی پلیسمنٹ یا اپنے بچے/ اپنی بچی کو ایف اے پی ای (FAPE) کی فراہمی کے تعلق سے کسی بھی مسئلہ پر باضابطہ سماعت کے لئے درخواست دینے کا حق حاصل ہے۔ اگر باضابطہ سماعت میں سرکاری اسکول میں ابتدائی داخلہ کے لئے درخواست شامل ہو تو آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو سماعت کے اختتام تک آپ کی رضامندی کے ساتھ ایک معمول کے سرکاری اسکول پروگرام میں رکھا جائے گا۔

آپ کو چاہیے کہ سماعت کی درخواست کی وجہ بننے والے مبینہ عمل کی جانکاری ہونے کی تاریخ یا آپ کو جس تاریخ کو یہ معلوم ہونا چاہیے تھا اس تاریخ سے ایک سال کے اندر باضابطہ سماعت کی درخواست دیں۔ اس ایک سالہ پیمانۂ وقت کو حدود کا قانون بھی کہا جاتا ہے۔ اگر آپ کو اسکول کے ذریعہ خاص طور پر ایسی غلط بیانی کی وجہ سے کہ، اس نے اس مسئلہ کو حل کر دیا ہے، یا اس وجہ سے کہ اسکول نے ان معلومات کو آپ سے مخفی رکھا جو آپ کو فراہم کیا جانا ضروری تھا، سماعت کی درخواست کرنے سے روکا گیا تھا تو اس صورت میں اس پیمانۂ وقت کا اطلاق آپ پر نہیں ہوگا چند حالات میں، باضابطہ سماعت کی درخواست دینے کے لئے ایک سال والے حدود کے قانون پر فیس عائد کی جا سکتی ہے — یا اسے موقوف کیا جا سکتا ہے— اگر آپ مسلح افواج کے ایک فعال ڈیوٹی ممبر ہیں، نیشنل اوشینک اینڈ ایٹموسفیئرک ایڈمنسٹریشن یا یونائیٹڈ اسٹیٹس پبلک ہیلتھ سروس کے کمیشنڈ کارپس میں ہیں اور اگر آپ پر ایک وفاقی قانون جسے سروس ممبر سِول ریلیف ایکٹ کہا جاتا ہے، کے حدود والے قانون کا اطلاق ہوتا ہو۔

اگر آپ باضابطہ سماعت کے لئے درخواست دیتے ہیں تو آپ پر اس بات کو ثابت کرنے کی ذمہ داری عائد ہوگی کہ اسکول نے خصوصی تعلیمی ضرورت کی خلاف ورزی کی ہے۔ چند مخصوص صورتوں میں، اسکول آپ کے خلاف باضابطہ سماعت کی درخواست کر سکتا ہے۔ ان صورتوں میں، اسکول پر ثبوت کی ذمہ داری عائد ہوگی۔

اس سے پہلے کہ آپ درج بالا کسی بھی معاملات کے بارے میں عدالت میں اسکول کے خلاف مقدمہ درج کروائیں، آپ کو باضابطہ سماعت کی درخواست دینی ہوگی۔ اگر آپ نے باضابطہ سماعت میں شرکت نہیں کی ہو تو آپ کے دعوے کو خارج کیا جا سکتا ہے۔

- **باضابطہ سماعت کی درخواست کرنا** سماعت کی درخواست دینے کے لئے، آپ کو، آپ کے مختار ،یا آپ کے وکیل کو ٹی ای اے (TEA) کے پاس باضابطہ سماعت کے لئے درخواست دینی ہوگی، جس کا پتہ اس دستاویز کے آخر میں موجود ہے۔

باضابطہ سماعت کی درخواست کے لئےخلاف اس پتے پر دستیاب ہے [https://tea.texas.gov/About_TEA/Government_Relations_and_Legal/Special_Education/Due_Process_Hearings/Office_of_Legal_Services,_Special_Education_Due_Process_Hearing_Program/](https://tea.texas.gov/About_TEA/Government_Relations_and_Legal/Special_Education/Due_Process_Hearings/Office_of_Legal_Services,_Special_Education_Due_Process_Hearing_Program/)۔

آپ کے لیے ٹی ای اے (TEA) فارم استعمال کرنا ضروری نہیں ہے، لیکن آپ کی درخواست میں درج ذیل معلومات شامل ہونی چاہیے: آپ کے بچے/ بچی کا نام اور پتہ یا اگر بچہ/ بچی بے گھر ہو تو دستیاب رابطہ کی معلومات، آپ کے بچے/ بچی کے اسکول کا نام، آپ کے بچے/آپ کی بچی کو درپیش مسئلہ کی صراحت، بشمول اس مسئلہ سے متعلق حقائق؛ اور اس وقت آپ کے پاس اس مسئلہ کے حوالے سے جانکاری اور دستیاب کی حد تک مجوزہ حل۔

اگر آپ سماعت کے لئے درخواست دیتے ہیں تو آپ کو اپنی تحریری درخواست کی ایک نقل اپنے اسکول کو بھیجنی ہوگی۔ آپ اس وقت تک سماعت حاصل نہیں کر سکتے جب تک کہ آپ ایسی درخواست نہ بھیجیں جو درج بالا تمام تقاضوں کی تکمیل کرتی ہو۔ آپ کی درخواست موصول ہونے کے 10 دنوں کے اندر اسکول کو آپ کو ایک جواب دینا ہوگا جو پہلے تحریری نوٹس کے تمام تقاضوں کی تکمیل کرتا ہو، سوائے اس کے کہ یہ عمل پہلے کیا جاچکا ہو۔ اگر اسکول کا ماننا ہو کہ آپ نے تمام درکار معلومات شامل نہیں کی ہے تو اسے آپ کی درخواست موصول ہونے کے 15 دنوں کے اندر افسر سماعت اور آپ کو اطلاع دینی ہوگی۔ افسر سماعت کے پاس اس بات کا فیصلہ کرنے کے لئے پانچ دن ہوں گے کہ آیا آپ کی درخواست میں موجود معلومات کافی ہیں۔

آپ صرف اسی صورت میں اپنی درخواست میں ترمیم یا تبدیلی کر سکتے ہیں اگر اسکول متفق ہو یا افسر سماعت آپ کو سماعت سے پانچ کیلنڈ دنوں پہلے تک ایسا کرنے کی اجازت دے۔ آپ سماعت کے دوران ان مسائل کو پیش نہیں کر سکتے جنہیں درخواست میں پیش نہیں کیا گیا تھا۔ اگر درخواست دائر کرنے والا فریق، خواہ وہ آپ ہوں یا اسکول، درخواست میں تبدیلی کرتا ہو،

تو تصفیہ کے لئے پیمانۂ وقت اور سماعت کے لئے پیمانۂ وقت کی شروعات دوبارہ درخواست میں ترمیم کی تاریخ سے ہوگی۔

اگر آپ معلومات کے لئے درخواست کرتے ہیں، یا اگر آپ یا اسکول باضابطہ سماعت کے لئے شکایت درج کرواتے ہیں تو آپ کو علاقہ میں دستیاب مفت یا کم لاگت والی قانونی اور دیگر متعلقہ خدمات کے بارے میں معلومات فراہم کی جانی چاہیے۔

- **تصفیہ کی مدت** سوائے تیز رفتار سماعت والے معاملہ کے ( نیچے تیز رفتار تصفیہ کے لئے پیمانۂ وقت ملاحظہ کریں)، اسکول کو چاہیے کہ وہ باضابطہ سماعت کے لئے آپ کی درخواست موصول ہونے کے 15 کیلنڈر دنوں کے اندر آپ، فیصلہ سازی کا اختیار رکھنے والے اسکول کے نمائندے، اور آپ اور اسکول کے ذریعہ منتخب کردہ اے آر ڈی (ARD) کمیٹی کے متعلقہ اراکین کے ساتھ ایک میٹنگ منعقد کرےجو تصفیہ کی میٹنگ کہلاتی ہے۔ اسکول صرف اسی صورت میں میٹنگ میں اٹارنی کو شامل کر سکتا ہے، اگر میٹنگ میں آپ کا کوئی اٹارنی ہو۔

سوائے ایسی صورت کے کہ آپ اور اسکول دونوں تحریری طور پر تصفیہ کے عمل سے دستبردار ہونے اور اس کی جگہ پر ثالثی کا استعمال کرنے پر اتفاق کریں، تصفیہ کی میٹنگ منعقد کرنا ضروری ہے۔ اگر آپ تصفیہ والی میٹنگ میں شرکت نہیں کرتے ہیں تو اس میٹنگ کے منعقد ہونے تک تصفیہ کے عمل اور سماعت کے لئے پیمانۂ وقت مؤخر رہے گا۔

اگر اسکول آپ کو تعین کی میٹنگ میں لانے کے لئے معقول کوششیں کرے، لیکن آپ اس میں شرکت نہ کریں تو تصفیہ کی 30 کیلنڈر دنوں والی میعاد کے اختتام پر اسکول افسر سماعت سے آپ کی باضابطہ سماعت کی درخواست کو مسترد کرنے کی درخواست کر سکتا ہے ۔ اسکول کو درج ذیل دستاویز استعمال کر کے یہ دکھانا ہوگا کہ اس نے آپ کو تصفیہ کی میٹنگ میں حاضر کروانے کے لئے معقول کوششیں کی تھیں: باہمی طور پر متفقہ وقت اور جگہ پر ایک میٹنگ کا بندوبست کرنے کی کوششیں جیسے کہ ٹیلیفون کال کا تفصیلی ریکارڈ کال کرنے کی کوشش اور ان کے نتائج؛ خط و کتابت کی نقول جو آپ کو بھیجی گئی تھی اور کوئی بھی موصولہ جواب اور آپ کے گھر پر یا ملازمت کی جگہ پر کئے گئے دوروں کا تفصیلی ریکارڈ اور ان دوروں کے نتائج۔

اگر دوسری صورت میں اسکول باضابطہ کارروائی کی درخواست کی اطلاع موصول ہونے کے 15 کیلینڈر دنوں کے اندر حل کی میٹنگ منعقد کرنے میں ناکام ہو جائےیا تعین کی میٹنگ میں شرکت کرنے میں ناکام ہو جائے تو آپ افسر سماعت سے تصفیہ کی مدت کو ختم کرنے اور 45 کیلینڈر دنوں والے پیمانۂ وقت کو شروع کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔

عمومی طور پر تصفیہ کی مدت 30 کیلینڈر دنوں تک کی ہوتی ہے۔ تاہم، اگر آپ اور اسکول تحریری طور پر شکایت کے تصفیہ کی میٹنگ سے دستبردار ہونے پر متفق ہوں تو سماعت کے لیے 45 کیلینڈر دنوں والے پیمانۂ وقت کی شروعات اگلے کیلینڈر دن سے ہوگی۔ اسی طرح، اگر آپ اور اسکول نے ثالثی کے عمل یا تصفیہ کی میٹنگ شروع کی ہے، لیکن تصفیہ کی 30 کیلینڈر دنوں والی مدت کے خاتمے سے پہلے آپ اور اسکول تحریری طور پر اس بات سے اتفاق کرتے ہیں کہ کوئی اتفاق رائے ممکن نہیں ہے تو سماعت کے لئے 45 کیلینڈر دن والے پیمانۂ وقت کی شروعات اگلے دن سے ہوگی۔ بالآخر، اگر آپ اور اسکول نے ثالثی کے عمل کو استعمال کرنے سے اتفاق کیا ہے تو دونوں فریق اتفاق ہونے تک تحریری طور پر شکایت کے حل کے لیے 30 کیلینڈر دن والی مدت کے اختتام تک ثالثی کو جاری رکھنے سے اتفاق کرسکتے ہیں۔ تاہم، اگر آپ اور اسکول میں سے کوئی بھی ثالثی کی کارروائی سے دستبردار ہ وجائے تو سماعت کے لیے 45 کیلینڈر دنوں والے پیمانۂ وقت کی شروعات اگلے کیلینڈر دن سے ہوگی۔

تصفیہ کی میٹنگ کا مقصد آپ کو اپنی درخواست اور اس کے پس پردہ حقائق پر اسکول کے ساتھ بات چیت کرنے کا ایک موقع فراہم کرنا ہے، تا کہ اسکول کو اس تنازعہ کو حل کرنے کے لئے ایک موقع فراہم کیا جا سکے، جو کہ درخواست کی بنیاد ہے۔ اگر آپ میٹنگ میں کسی متفقہ حل پر پہنچ جاتے ہیں تو، آپ اور

اسکول کو اپنے معاہدہ کو تحریری شکل دینی ہوگی اور اس پر دستخط کرنا ہوگا۔ یہ تحریری معاہدہ ریاستی قانون کی رو سے اس قسم کے معاملہ کی سماعت کا اختیار رکھنے والی عدالت یا وفاقی ضلعی عدالت میں قابل نفاذ ہے، تاوقتیکہ ان میں سے ایک فریق اس پر دستخط ہونے کی تاریخ سے تین کاروباری دنوں کے اندر اس معاہدے کو ختم کردے۔

اگر اسکول نے آپ کی درخواست موصول ہونے کے 30 دنوں کے اندر آپ کے اطمینان کی حد تک آپ کی درخواست میں اٹھائے گئے مسئلہ کو حل نہیں کیا ہو تو سماعت کا 45 کیلینڈر دن والا پیمانۂ وقت شروع ہو جائے گا اور سماعت کی کارروائی کی جا سکتی ہے۔

- **تیز رفتار سماعت میں تصفیہ کی میٹنگیں** تیز رفتار سماعتوں کے لئے اسکول کے لیے باضابطہ تیز رفتار سماعت کی درخواست موصول ہونے کے سات دنوں کے اندر شکایت کے حل کی میٹنگ منعقد کرنی ہوگی۔ اگر اسکول نے باضابطہ تیز رفتار سماعت کے لئے درخواست موصول ہونے کے 15 دنوں کے اندر آپ کی درخواست میں اٹھائے گئے مسئلہ کو آپ کے اطمینان کی حد تک حل نہ کیا ہو تو آپ کو سماعت کا حق حاصل ہوگا۔ اس سماعت کو باضابطہ تیز رفتار سماعت کے لئے دائر کردہ درخواست کی تاریخ کے 20 اسکولی دنوں کے اندر منعقد کرنا ضروری ہے۔ افسر سماعت کو چاہیے کہ وہ سماعت کے بعد 10 اسکولی دنوں کے اندر حتمی فیصلہ جاری کرے۔

ٹی اے ای (TEA) سماعت منعقد کرنے کے لئے غیر جانبدارانہ افسران سماعت فراہم کرتی ہے افسران سماعت ٹی اے ای (TEA) یا آپ کے بچے/ آپ کی بچی کی تعلیم یا نگہداشت میں شامل کسی ایجنسی کے ملازمین نہیں ہے اور ان کا کوئی ایسا ذاتی یا پیشہ وارانہ مفاد نہیں ہو سکتا جو ان کی غیر جانبداری سے متصادم ہو۔ افسران سماعت کے لیے بطور افسر سماعت اپنی خدمات کی فراہمی کے لئے ضروری معلومات اور مہارت کا حامل ہونا ضروری ہے۔

ٹی اے ای (TEA) کے پاس افسران سماعت کی ایک فہرست موجود ہے جس میں ہر ایک افسر سماعت کی قابلیت درج ہے۔ یہ فہرست ٹی اے ای (TEA) کی ویب سائٹ میں یہاں پر دستیاب ہے۔ [https://tea.texas.gov/index4.aspx?id=5090](https://tea.texas.gov/index4.aspx?id=5090)۔ آپ فہرست کی درخواست ٹی اے ای (TEA) کے دفتر برائے قانونی خدمات سے بھی کر سکتے ہیں، جس کی رابطہ کی معلومات اس دستاویز کے آخر میں دی گئی ہے۔

- **قانونی کارروائی کے دوران بچے کی حیثیت ( اسٹے-پُٹ)** باضابطہ سماعت اور کسی بھی عدالتی اپیل کے دوران، آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو عمومی طور پر اس کے موجودہ پلیسمنٹ میں رہنا ہوگا، سوائے اس کے کہ آپ اور اسکول اس کے برعکس اتفاق کریں۔ بدستور موجودہ ماحول میں رہنے کو عمومی طور پر *اسٹے-پُٹ* کہا جاتا ہے۔ اگر سماعت میں تادیب بھی شامل ہو تو، تادیبی تنازعات کے دوران بچے/ بچی کے پلیسمنٹ سے متعلق وضاحت والا تادیبی سیکشن ملاحظہ کریں۔

اگر سماعت میں آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو شروع میں ایک سرکاری اسکول میں داخل کرنا شامل ہو تو آپ کی اجازت ہونے کی صورت میں، تمام کارروائیوں کی تکمیل تک، آپ کے بچے/ آپ کی بچی کے لیے سرکاری اسکول میں پلیسمنٹ ضروری ہے۔ اگر بچہ / بچی تین سال کا ہو رہا ہو اور ابتدائی بچپن کی مداخلت **(ECI)** پروگرام سے منتقل ہو رہا ہو تو، ایسی صورت میں اسٹے پُٹ ای سی آئی (ECI) کی خدمات نہیں ہیں۔ اگر بچہ/بچی خصوصی تعلیمی خدمات کے لئے اہل ہو اور والدین متفق ہوں تو ان خدمات کی فراہمی ضروری ہے جو متنازعہ نہ ہوں۔

- **سماعت سے قبل باضابطہ سماعت** سے کم ازکم پانچ کاروباری دنوں قبل، آپ اور اسکول کو سماعت میں پیش کئے جانے والے دلائل کو ایک دوسرے کے سامنے ظاہر کرنا ہوگا۔ کسی بھی فریق کو کسی ایسے ثبوت کو متعارف کئے جانے پر اعتراض کرنے کا حق ہے، جس کا بروقت اشتراک نہیں کیا گیا تھا۔ افسر سماعت مقررہ وقت کے اندر پیش کیےجانے والے ثبوتوں بشمول تشخیص اور سفارش کو متعارف کروائے جانے کو روک سکتا ہے۔

- **سماعت کے دوران** آپ کو اس بات کا حق حاصل ہے کہ آپ اٹارنی اور معذوری والے بچوں سے متعلق خصوصی معلومات یا تربیت والے لوگوں کو اپنے ساتھ لائیں اور ان سے مشورہ لیں۔ آپ کو ثبوت پیش کرنے اور سوالات والی تفتیش اور گواہوں کی حاضری پر اصرار کرنے کا حق ہے۔ آپ کو اپنے بچے/ بچی کو ساتھ لانے اور سماعت کو عوام کے لئے کھلا رکھنے کا حق ہے۔ آپ کو سماعت کے ہر ایک سیشن کو ایک ایسے وقت اور ایسی جگہ پر منعقد کرنے کا حق ہے جو آپ اور آپ کے بچے/ آپ کی بچی کے لئے معقول طور پر آرام دہ ہو۔ آپ کو

بغیر کوئی قیمت ادا کئے سماعت کا لفظ بہ لفظ تحریری یا الیکٹرانک ریکارڈ اور تحریری یا الکٹرانک حقائق اور فیصلے حاصل کرنے کا حق ہے۔

- **فیصلہ** افسر سماعت کا یہ فیصلہ کہ، آیا آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو ایف اے پی ای (FAPE) موصول ہوا ہے یا نہیں، ٹھوس بنیادوں پر ہونا ضروری ہے۔ اگر آپ طریق کار میں غلطی کی شکایت کرتے ہیں، تو افسر سماعت صرف اسی صورت میں اس بات کا پتہ لگا سکتا ہے کہ آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو ایف اے پی ای (FAPE) موصول نہیں ہوئی، اگر غلطی: آپ کے بچے/ آپ کی بچی کے ایف اے پی ای (FAPE) کے حصول کو روکے؛ آپ کے بچے/ آپ کی بچی کو تعلیمی فوائد سے محروم کرے؛ یا آپ کے بچے/ بچی کے ایف اے پی ای (FAPE) سے متعلق فیصلہ سازی میں حصہ لینے کے آپ کے موقع میں نمایاں طور پر مداخلت کرے۔

ٹی ای اے (TEA) اس بات کو یقینی بنائے گی کہ 30 دن والی حل کی مدت یا اگر اطلاق ہو تو تطبیق شدہ مدت کے ختم ہونے کے بعد 45 دنوں کے اندر سماعت کا حتمی فیصلہ کیا جائے اور اسے فریقوں کو بذریعہ ڈاک بھیجا جائے۔ ایک تیز رفتار سماعت میں، ٹی ای اے (TEA) اس بات کو یقینی بنائے گی کہ سماعت کی تاریخ کے بعد 10 اسکولی دنوں کے اندر ایک حتمی فیصلہ دیا جائے ۔ افسر سماعت کسی بھی فریق کی طرف سے درخواست کئے جانے پر ایک معقول بنیاد پر خصوصی توسیع کر سکتا ہے۔ افسر سماعت تیز رفتار سماعت میں توسیع کی منظوری نہیں دے سکے گا۔ افسر سماعت کا فیصلہ حتمی ہے، سوائے ایسی صورت کے کہ کوئی ایک فریق فیصلہ کو ریاستی یا وفاقی عدالت میں اپیل کر ے۔

افسر سماعت کے فیصلے کو آپ کے بچے/ آپ کی بچی کی ذاتی طور پر قابل شناخت معلومات کو ہٹانے کے بعد ٹی ای اے (TEA) کی ویب سائٹ پر پوسٹ کیا جائے گا۔

اسکول کو چاہیے کہ وہ افسر سماعت کے فیصلے کو افسر سماعت کے ذریعہ بیان کردہ وقت کی مدت میں یا کوئی مقررہ وقت بیان نہ کئے جانے کی صورت میں فیصلہ سنانے کی تاریخ کے بعد 10 دنوں کے اندر نافذ کرے، ایسی صورت میں کہ اسکول نے اس فیصلہ پر اپیل دائر کی ہو، سوائے اس کے کہ اپیل کے حل ہونے تک ماضی کے اخراجات کے لئے کسی باز ادائیگیوں کو روکا جا سکتا ہے۔ آئیڈیا (IDEA) میں کوئی چیز آپ کو پچھلی سماعت میں حل شدہ مسئلہ کے علاوہ ایک دوسری باضابطہ کارروائی کی شکایت دائر کرنے سے روک نہیں سکتی۔

- **سِول کارروائی** آپ کو افسر سماعت کے اخذ کردہ نتائج اور فیصلہ پر ریاستی یا وفاقی عدالت میں اپیل کرنے کا حق، اس فیصلہ کے جاری کئے جانے کی تاریخ کے بعد زیادہ سے زیادہ 90 دنوں کے اندر تک ہے۔ اپیل کے عمل کے ایک حصہ کے طور پر، عدالت کو باضابطہ سماعت کا ریکارڈ موصول ہونا چاہیے، کسی بھی ایک فریق کی درخواست پر اضافی ثبوت کو سننا اور اپنے فیصلے کو ثبوت کی بنیاد پر سنانا ضروری ہے۔

آئیڈیا (IDEA) میں کوئی بھی ایسی چیز نہیں ہے جو معذوری والے بچوں کے حقوق کی حفاظت کرنے والے امریکی دستور یا دیگر وفاقی قوانین کے تحت دستیاب حقوق، کارروائیوں اور تلافیوں کو محدود کر سکے سوائے اس کے کہ عدالت میں سول کارروائی دائر کرنے سے پہلے، آئیڈیا (IDEA) کے تحت دستیاب راحت حاصل کرسکیں، جس میں والدین یا سکول کے لیے ضروری ہے کہ وہ آئیڈیا (IDEA) کے تحت فراہم کردہ باضابطہ سماعت سے استفادہ کرے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ چاہے آپ کو دیگر قوانین کے تحت دستیاب تدارک میسر ہوں جو آئیڈیا (IDEA) کے تحت دستیاب تدارک پر فوقیت رکھتی ہوں، آپ کو چاہیے کہ آپ عدالت میں مقدمہ دائر کرنے سے پہلے آئیڈیا (IDEA) کے باضابطہ سماعتی کارروائیوں کا استعمال کریں۔

اگر آپ اپنے باضابطہ سماعت میں یا عدالت میں جو کچھ چاہتے ہیں اس کا حصہ یا جملہ امور میں جیت جاتے ہیں تو جج آپ کو اٹارنی کی معقول فیس اور متعلقہ اخراجات تفویض کرے گا۔

اٹارنی کی فیس کی تفویض میں تصفیہ کے سیشن یا اے آر ڈی (ARD) کمیٹی کی میٹنگوں سے متعلق اخراجات شامل نہیں ہوں گے، سوائے اس کے کہ افسر سماعت یا عدالت نے اے آر ڈی (ARD) کمیٹی کی میٹنگ کا حکم دیا ہو۔

آپ کو اسکول کی طرف سے تحریری تصفیہ پیش کئے جانے کے بعد انجام دئے گئے کاموں کے لئے اٹارنی کی فیس یا اخراجات تفویض نہیں کیے جا سکتے، اگر: اسکول نے باضابطہ سماعت شروع ہونے سے 10 کیلنڈر دن قبل یہ پیشکش کی ہو؛ آپ 10 دنوں کے اندر اس پیشکش کو قبول نہ کریں؛ اور عدالت اس نتیجے پر پہنچے کہ سماعت کے ذریعہ آپ کو ملنے والی راحت زیادہ موافق نہیں ہے۔

عدالت کو چاہیے کہ وہ آپ کو دی جانے والی فیس کی مقدار میں کمی کرے، اگر عدالت اس نتیجے پر پہنچتی ہے کہ: آپ یا آپ کے وکیل نے تنازعہ کو نا معقول طور پر طول دیا ہے؛ اٹارنی کی فیس اس قسم کے اٹارنی کے ذریعہ اس قسم کی خدمات کے لئے وصول کی جانے والی فی گھنٹہ شرح سے نامناسب طور پر زیادہ ہے؛ آپ کے وکیل کے ذریعہ لیا گیا وقت کارروائی کی نوعیت کے پیش نظر زیادہ ہو؛ یا آپ کا وکیل اسکول کو شکایت کے نوٹس میں مناسب معلومات کی فراہمی میں ناکام رہے۔ اگر عدالت اس نتیجے پر پہنچتی ہے کہ اسکول نے نا مناسب طور پر کارروائی کو طول دیا ہے یا غیر مناسب برتاؤ کیا ہے تو اٹارنی کی فیس میں کمی کی ضرورت نہیں ہے۔

اگر اسکول سماعت یا عدالتی کارروائی میں جیت جائے، اور آپ کا اٹارنی باضابطہ سماعت کے لئے درخواست یا بعد میں بنائے دعوی دائر کرے جو فضول، نا معقول یا بے بنیاد ہو یا مقدمہ کے واضح طور پر فضول، نا معقول یا بے بنیاد بننے کے بعد مقدمہ کو جاری رکھے تو عدالت آپ کو یا آپ کے اٹارنی کو یہ حکم دے سکتی ہے کہ آپ اسکول کو معقول اٹارنی کی فیس ادار کریں۔ آپ یا آپ کے اٹارنی کو اس صورت میں بھی اسکول کے اٹارنی کی فیس کی ادائیگی کرنی پڑ سکتی ہے، اگر آپ کی باضابطہ سماعت یا بعد والی عدالتی کارروائی کسی غیر مناسب مقصد جیسے کہ پریشان کرنے، یا غیر ضروری تاخیر کرنے یا غیر ضروری طور پر قانونی چارہ جوئی کے اخراجات بڑھانے کے لئے کی گئی ہو۔

**رابطہ کی معلومات**

اگر اس دستاویز میں شامل کسی بھی معلومات کے سلسلے میں آپ کے ذہن میں کوئی سوالات ہوں یا آپ کو کسی شخص کے ذریعہ اس کی وضاحت کی ضرورت ہو تو براہ کرم رابطہ کریں:

| **مقامی رابطہ کی معلومات** | | |
| --- | --- | --- |
| اسکول | ایجوکیشن سروس سینٹر | دیگر وسائل |
| نام: | نام: | نام: |
| ٹیلیفون نمبر: | ٹیلیفون نمبر: | ٹیلیفون نمبر: |
| ای میل: | ای میل: | ای میل: |

اگر آپ کو خصوصی تعلیم سے متعلق مسائل کے بارے میں معلومات کی ضرورت ہو تو آپ اس نمبر پر اسپیشل ایجوکیشن انفارمیشن سینٹر کو کال کر سکتے ہیں 1-855- SPEDTEX (1-855-773-3839)۔ اگر آپ اس نمبر پر کال کریں اور ایک پیغام چھوڑیں تو معمول کے کاروباری اوقات میں کوئی شخص آپ کو واپس کال کرے گا۔ ایسے افراد جو بہرے ہیں یا جنہیں سننے میں دقت پیش آتی ہے وہ 7-1-1 ریلے ٹیکساس استعمال کرتے ہوئے درج بالا وائس نمبر پر کال کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کو کسی زیر التوا خصوصی تعلیم کی شکایت کے بارے میں کوئی سوالات پوچھنا ہو تو ٹی ای اے (TEA) کے ڈویژن آف اسپیشل ایجوکیشن سے اس نمبر پر رابطہ کریں: 512-463-9414 اگر آپ کے ذہن میں کسی زیر التوا ثالثی یا باضابطہ سماعت کے بارے میں کوئی سوالات ہوں تو بالترتیب تفویض کردہ ثالث یا افسر سماعت سے رابطہ کریں۔

**ٹی ای اے (TEA) خدمات کے لئے تحریری درخواست بھیجتے وقت براہ کرم اپنا پتہ اس طرح لکھیں:**

Texas Education Agency
1701 N. Congress Avenue
Austin, TX 78701-1494

**درج ذیل ڈویژنس کی توجہ کے لئے:**

ڈویژن آف اسپیشل ایجوکیشن سٹیٹ آئی ای پی (IEP) فیسیلیٹیشن روجیکٹ

آفس آف لیگل سروسز
خصوصی تعلیم سے متعلق ثالث کے رابطہ کار

ڈویژن برائے خصوصی تعلیم خصوصی تعلیم سے متعلق شکایات کی اکائی

آفس آف لیگل سروسز
خصوصی تعلیم سے متعلق باضابطہ سماعت

**براہ کرم، ذیل میں ٹی ای اے (TEA) کی خصوصی تعلیم کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔**

http://tea.texas.gov/index2.aspx?id=2147491399